بِـَٔايَٰتِنَاۖ	وَمَا كَانُواْ	مُؤۡمِنِينَ ٧٢	وَإِلَىٰ ثَمُودَ	أَخَاهُمۡ	صَٰلِحٗاۚ
ہماری آیات کو	اور نہ تھے وہ	ایمان لانے والے	اور (ہم نے بھیجا) ثمود کی طرف	ان کے بھائی	صالحؑ کو
اور وہ ایمان لانے والے نہ تھے۔ اور ہم نے ثمودؑ کی طرف ان کے بھائی صالحؑ کو بھیجا					

قَالَ يَٰقَوۡمِ ٱعۡبُدُواْ ٱللَّهَ مَا لَكُم مِّنۡ إِلَٰهٍ غَيۡرُهُۥۖ

قَالَ	يَٰقَوۡمِ	ٱعۡبُدُواْ ٱللَّهَ	مَا لَكُم	مِّنۡ إِلَٰهٍ	غَيۡرُهُۥۖ
اس (صالحؑ) نے کہا	اے میری قوم!	اللہ کی عبادت کرو	نہیں ہے تمھارے لیے	کوئی معبود	اس کے سوا
صالحؑ نے کہا اے میری قوم! تم اللہ کی عبادت کرو، اُس کے سوا تمھارا کوئی معبود نہیں۔					

قَدۡ جَآءَتۡكُم بَيِّنَةٞ مِّن رَّبِّكُمۡۖ هَٰذِهِۦ نَاقَةُ ٱللَّهِ

قَدۡ	جَآءَتۡكُم	بَيِّنَةٞ	مِّن رَّبِّكُمۡۖ	هَٰذِهِۦ	نَاقَةُ ٱللَّهِ
یقیناً	تمھارے پاس آگئی	واضح دلیل	تمھارے رب کی طرف سے	یہ	اللہ کی اونٹنی ہے
یقیناً تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے واضح دلیل آگئی۔ یہ اللہ کی اونٹنی ہے					

لَكُمۡ ءَايَةٗۖ فَذَرُوهَا تَأۡكُلۡ فِيٓ أَرۡضِ ٱللَّهِۖ وَلَا تَمَسُّوهَا

لَكُمۡ	ءَايَةٗۖ	فَذَرُوهَا	تَأۡكُلۡ	فِيٓ أَرۡضِ ٱللَّهِۖ	وَلَا تَمَسُّوهَا
تمھارے لیے	نشانی	لہذا تم اسے چھوڑ دو	چرتی پھرے	اللہ کی زمین میں	اور اسے ہاتھ مت لگانا
جو تمھارے لیے نشانی ہے لہذا تم اسے چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں چرتی پھرے اور اسے برائی کے ساتھ ہاتھ مت لگانا					

بِسُوٓءٖ فَيَأۡخُذَكُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٞ ٧٣ وَٱذۡكُرُوٓاْ إِذۡ

إِذۡ	وَٱذۡكُرُوٓاْ	أَلِيمٞ ٧٣	عَذَابٌ	فَيَأۡخُذَكُمۡ	بِسُوٓءٖ
جب	اور تم یاد کرو	دردناک	عذاب	ورنہ آ پکڑے گا تمھیں	برائی کے ساتھ

ورنہ تمھیں دردناک عذاب آ پکڑے گا۔ اور تم یاد کرو

جَعَلَكُمۡ خُلَفَآءَ مِنۢ بَعۡدِ عَادٖ وَبَوَّأَكُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ تَتَّخِذُونَ

تَتَّخِذُونَ	فِي ٱلۡأَرۡضِ	وَبَوَّأَكُمۡ	مِنۢ بَعۡدِ عَادٖ	خُلَفَآءَ	جَعَلَكُمۡ
تم بناتے ہو	زمین میں	اور اس نے تمھیں ٹھکانا دیا	قوم عاد کے بعد	ایکدوسرے کا جانشین	اس نے تمھیں بنایا

جب اس نے تمھیں قوم عاد کے بعد ایکدوسرے کا جانشین بنایا اور تمھیں زمین میں ٹھکانا دیا

مِن سُهُولِهَا قُصُورٗا وَتَنۡحِتُونَ ٱلۡجِبَالَ بُيُوتٗاۖ فَٱذۡكُرُوٓاْ ءَالَآءَ ٱللَّهِ

ءَالَآءَ ٱللَّهِ	فَٱذۡكُرُوٓاْ	بُيُوتٗاۖ	وَتَنۡحِتُونَ ٱلۡجِبَالَ	قُصُورٗا	مِن سُهُولِهَا
اللہ کی نعمتیں	چنانچہ تم یاد کرو	گھر	اور (تم بناتے ہو) پہاڑوں کو تراش کر	محل	اس کی نرم مٹی سے

تم اس کی نرم مٹی سے محل بناتے ہو اور تم پہاڑوں کو تراش کر بھی اپنے لیے گھر بناتے ہو۔ چنانچہ تم اللہ کی نعمتیں یاد کرو

وَلَا تَعۡثَوۡاْ فِي ٱلۡأَرۡضِ مُفۡسِدِينَ ٧٤ قَالَ ٱلۡمَلَأُ ٱلَّذِينَ

ٱلَّذِينَ	ٱلۡمَلَأُ	قَالَ	مُفۡسِدِينَ ٧٤	فِي ٱلۡأَرۡضِ	وَلَا تَعۡثَوۡاْ
جنہوں نے	سرداروں نے	کہا	فسادی بن کر	زمین میں	اور تم نہ پھرو

اور تم زمین میں فسادی بن کر نہ پھرو۔ ان کی قوم کے متکبر سرداروں نے ان لوگوں سے کہا

ٱسۡتَكۡبَرُواْ مِن قَوۡمِهِۦ لِلَّذِينَ ٱسۡتُضۡعِفُواْ لِمَنۡ ءَامَنَ مِنۡهُمۡ

مِنۡهُمۡ	لِمَنۡ ءَامَنَ	ٱسۡتُضۡعِفُواْ	لِلَّذِينَ	مِن قَوۡمِهِۦ	ٱسۡتَكۡبَرُواْ
ان میں سے	جو ایمان لے آئے تھے	کمزور سمجھتے جاتے تھے	ان لوگوں کو جو	اس کی قوم میں سے	تکبر کیا

جو کمزور سمجھتے جاتے تھے اور جو ان میں سے ایمان لے آئے تھے

أَتَعۡلَمُونَ أَنَّ صَٰلِحٗا مُّرۡسَلٞ مِّن رَّبِّهِۦۚ قَالُوٓاْ

قَالُوٓاْ	مِّن رَّبِّهِۦۚ	مُّرۡسَلٞ	صَٰلِحٗا	أَنَّ	أَتَعۡلَمُونَ
انہوں نے کہا	اپنے رب کی طرف سے	بھیجا ہوا ہے	صالحؑ	کہ بیشک	کیا تم جانتے ہو

کیا تم جانتے ہو کہ بیشک صالحؑ اپنے رب کی طرف سے بھیجا ہوا ہے انہوں نے کہا

إِنَّا بِمَآ أُرۡسِلَ بِهِۦ مُؤۡمِنُونَ ۝٧٥ قَالَ

قَالَ	مُؤۡمِنُونَ ۝٧٥	بِهِۦ	أُرۡسِلَ	بِمَآ	إِنَّا
کہا	ایمان لاتے ہیں	اس کے ساتھ	وہ بھیجا گیا ہے	اس چیز پر کہ	یقیناً ہم

یقیناً ہم صالحؑ کو جو کچھ دے کر بھیجا گیا ہم اس پر ایمان لاتے ہیں

ٱلَّذِينَ ٱسۡتَكۡبَرُوٓاْ إِنَّا بِٱلَّذِيٓ ءَامَنتُم بِهِۦ كَٰفِرُونَ ۝٧٦

كَٰفِرُونَ ۝٧٦	ءَامَنتُم بِهِۦ	بِٱلَّذِيٓ	إِنَّا	ٱسۡتَكۡبَرُوٓاْ	ٱلَّذِينَ
کفر کرتے ہیں	جس پر تم ایمان لائے ہو	اس چیز کے ساتھ	بیشک	تکبر کیا	ان لوگوں نے جنہوں نے

متکبر لوگ کہنے لگے کہ جس چیز پر تم ایمان لاتے ہو ہم اس کا انکار کرتے ہیں

فَعَقَرُواْ ٱلنَّاقَةَ وَعَتَوۡاْ عَنۡ أَمۡرِ رَبِّهِمۡ وَقَالُواْ

فَعَقَرُواْ	ٱلنَّاقَةَ	وَعَتَوۡاْ	عَنۡ أَمۡرِ رَبِّهِمۡ	وَقَالُواْ
پھرانہوں نے کونچیں کاٹ ڈالیں	اونٹنی کی	اورانہوں نے سرکشی کی	اپنے رب کے حکم سے	اورانہوں نے کہا
پھر انہوں نے اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں اور انہوں نے اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی اور انہوں نے کہا				

يَٰصَٰلِحُ ٱئۡتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ إِن كُنتَ مِنَ ٱلۡمُرۡسَلِينَ ٧٧

يَٰصَٰلِحُ	ٱئۡتِنَا	بِمَا	تَعِدُنَآ	إِن كُنتَ	مِنَ ٱلۡمُرۡسَلِينَ ٧٧
اے صالحؑ	توہم پرلے آ	وہ (عذاب)	(جس سے) توہمیں ڈراتا ہے	اگر تو ہے	رسولوں میں سے ہے
اے صالح اگر تو واقعی رسول ہے تو جس عذاب کی ہمیں دھمکی دیتا ہے وہ لے آ					

فَأَخَذَتۡهُمُ ٱلرَّجۡفَةُ فَأَصۡبَحُواْ فِي دَارِهِمۡ جَٰثِمِينَ ٧٨ فَتَوَلَّىٰ

فَأَخَذَتۡهُمُ	ٱلرَّجۡفَةُ	فَأَصۡبَحُواْ	فِي دَارِهِمۡ	جَٰثِمِينَ ٧٨	فَتَوَلَّىٰ
پھران کو پکڑ لیا	زلزلہ نے	پھر وہ ہوگئے	اپنے گھروں میں	گھٹنوں کے بل گرے ہوئے	بالآخر وہ پھرا
پھر ان کو زلزلہ نے آ پکڑا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔ اس وقت صالحؑ ان سے منہ موڑ کر چلے					

عَنۡهُمۡ وَقَالَ يَٰقَوۡمِ لَقَدۡ أَبۡلَغۡتُكُمۡ رِسَالَةَ رَبِّي

عَنۡهُمۡ	وَقَالَ	يَٰقَوۡمِ	لَقَدۡ	أَبۡلَغۡتُكُمۡ	رِسَالَةَ رَبِّي
ان سے	اور کہا	اے میری قوم!	یقیناً	میں نے تمھیں پہنچا دیا تھا	اپنے رب کا پیغام
اور کہنے لگے اے میری قوم! یقیناً میں نے تمھیں اپنے رب کا پیغام پہنچا دیا تھا					

وَنَصَحۡتُ لَكُمۡ وَلَٰكِن لَّا تُحِبُّونَ ٱلنَّٰصِحِينَ ﴿٧٩﴾ وَلُوطًا

وَنَصَحۡتُ	لَكُمۡ	وَلَٰكِن	لَّا تُحِبُّونَ	ٱلنَّٰصِحِينَ ﴿٧٩﴾	وَلُوطًا
اور میں نے خیر خواہی کی تھی	تمھاری	اور لیکن	تم پسند نہیں کرتے	خیر خواہوں کو	اور لوطؑ کو (بھیجا)
اور میں نے تمھاری خیر خواہی کی تھی لیکن تم خیر خواہوں کو پسند نہیں کرتے۔					

إِذۡ قَالَ لِقَوۡمِهِۦٓ أَتَأۡتُونَ ٱلۡفَٰحِشَةَ مَا سَبَقَكُم بِهَا

إِذۡ	قَالَ لِقَوۡمِهِۦٓ	أَتَأۡتُونَ	ٱلۡفَٰحِشَةَ	مَا سَبَقَكُم	بِهَا
جب	اس نے اپنی قوم سے کہا	کیا تم کرتے ہو	ایسی بے حیائی	کی نہیں کی تم سے پہلے	وہ (بے حیائی)
اور جب لوطؑ کو بھیجا تو اس نے اپنی قوم سے کہا کیا تم ایسی بے حیائی کرتے ہو کہ ایسی بے حیائی تم سے پہلے					

مِنۡ أَحَدٍ مِّنَ ٱلۡعَٰلَمِينَ ﴿٨٠﴾ إِنَّكُمۡ لَتَأۡتُونَ ٱلرِّجَالَ شَهۡوَةً

مِنۡ أَحَدٍ	مِّنَ ٱلۡعَٰلَمِينَ ﴿٨٠﴾	إِنَّكُمۡ	لَتَأۡتُونَ	ٱلرِّجَالَ	شَهۡوَةً
کسی نے بھی	جہان والوں میں سے؟	بلاشبہ تم	یقیناً آتے ہو	مردوں کے پاس	شہوت رانی کے لیے
جہان والوں میں سے کسی نے بھی نہیں کی۔ یقیناً تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں کے پاس شہوت رانی کے لیے آتے ہو					

مِّن دُونِ ٱلنِّسَآءِۚ بَلۡ أَنتُمۡ قَوۡمٌ مُّسۡرِفُونَ ﴿٨١﴾ وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوۡمِهِۦٓ

مِّن دُونِ ٱلنِّسَآءِۚ	بَلۡ	أَنتُمۡ	قَوۡمٌ مُّسۡرِفُونَ ﴿٨١﴾	وَمَا كَانَ	جَوَابَ قَوۡمِهِۦٓ
عورتوں کو چھوڑ کر	بلکہ	تم	حد سے گزرنے والے لوگ ہو	اور نہیں تھا	ان کی قوم کا جواب
بلکہ تم حد سے گزرنے والے لوگ ہو۔ اور ان کی قوم کا جواب نہیں تھا					

إِلَّآ أَن قَالُوٓاْ أَخۡرِجُوهُم مِّن قَرۡيَتِكُمۡۖ إِنَّهُمۡ

إِنَّهُمۡ	مِّن قَرۡيَتِكُمۡۖ	أَخۡرِجُوهُم	قَالُوٓاْ	أَن	إِلَّآ
بیشک وہ	اپنی بستی سے	تم انہیں نکال دو	انہوں نے کہا	یہ کہ	مگر
مگر یہ کہ انہوں نے کہا تم انہیں اپنی بستی سے نکال دو					

أُنَاسٌ يَتَطَهَّرُونَ۝٨٢ فَأَنجَيۡنَٰهُ وَأَهۡلَهُۥٓ إِلَّا ٱمۡرَأَتَهُۥ

إِلَّا ٱمۡرَأَتَهُۥ	وَأَهۡلَهُۥٓ	فَأَنجَيۡنَٰهُ	يَتَطَهَّرُونَ۝٨٢	أُنَاسٌ
سوائے اسکی بیوی کے	اور اسکے گھر والوں کو	تو ہم نے اسے نجات دی	بڑے پاک صاف بنتے ہیں	ایسے لوگ ہیں جو
یہ لوگ بڑے پاک صاف بنتے ہیں۔ تو ہم نے اسے اور اسکے گھر والوں کو نجات دی سوائے اسکی بیوی کے				

كَانَتۡ مِنَ ٱلۡغَٰبِرِينَ۝٨٣ وَأَمۡطَرۡنَا عَلَيۡهِم مَّطَرٗاۖ فَٱنظُرۡ كَيۡفَ

كَيۡفَ	فَٱنظُرۡ	مَّطَرٗاۖ	عَلَيۡهِم	وَأَمۡطَرۡنَا	كَانَتۡ مِنَ ٱلۡغَٰبِرِينَ۝٨٣
کیسا	تو دیکھ لیجیے	(پتھروں کی) بارش	اُن پر	اور ہم نے برسائی	کہ وہ تھی پیچھے رہنے والوں میں سے
کہ وہ پیچھے رہنے (ہلاک ہونے) والوں میں سے تھی اور ہم نے اُن پر (پتھروں کی) بارش برسائی۔					

كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلۡمُجۡرِمِينَ۝٨٤ وَإِلَىٰ مَدۡيَنَ أَخَاهُمۡ شُعَيۡبٗاۚ

شُعَيۡبٗاۚ	أَخَاهُمۡ	وَإِلَىٰ مَدۡيَنَ	ٱلۡمُجۡرِمِينَ۝٨٤	عَٰقِبَةُ	كَانَ
شعیبؑ کو	اُن کے بھائی	اور (ہم نے بھیجا) مدین کی طرف	اُن مجرموں کا؟	انجام	ہوا
تو دیکھو کیا انجام ہوا ان مجرموں کا۔ اور ہم نے مدین کی طرف اُن کے بھائی شعیبؑ کو بھیجا					

قَالَ يَٰقَوۡمِ ٱعۡبُدُواْ ٱللَّهَ مَا لَكُم مِّنۡ إِلَٰهٍ غَيۡرُهُۥٓۖ

قَالَ	يَٰقَوۡمِ	ٱعۡبُدُواْ ٱللَّهَ	مَا لَكُم	مِّنۡ إِلَٰهٍ	غَيۡرُهُۥٓۖ
اس نے کہا	اے میری قوم!	تم اللہ کی عبادت کرو	نہیں ہے تمھارے لیے	کوئی معبود	اللہ کے سوا
اس نے کہا اے میری قوم! تم اللہ کی عبادت کرو اللہ کے سوا تمھارا کوئی معبود نہیں ہے					

قَدۡ جَآءَتۡكُم بَيِّنَةٌ مِّن رَّبِّكُمۡۖ فَأَوۡفُواْ ٱلۡكَيۡلَ

قَدۡ	جَآءَتۡكُم	بَيِّنَةٌ	مِّن رَّبِّكُمۡۖ	فَأَوۡفُواْ	ٱلۡكَيۡلَ
یقیناً	تمھارے پاس آگئی ہے	نشانیاں	تمھارے رب کی طرف سے	پھر تم پورا کرو	ماپ
یقیناً تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے نشانیاں آگئی ہے پھر تم ماپ اور تول پورا کرو					

وَٱلۡمِيزَانَ وَلَا تَبۡخَسُواْ ٱلنَّاسَ أَشۡيَآءَهُمۡ وَلَا تُفۡسِدُواْ فِي ٱلۡأَرۡضِ

وَٱلۡمِيزَانَ	وَلَا تَبۡخَسُواْ	ٱلنَّاسَ	أَشۡيَآءَهُمۡ	وَلَا تُفۡسِدُواْ	فِي ٱلۡأَرۡضِ
اور تول	اور نہ تم گھٹا کر دو	لوگوں کو	ان کی چیزیں	اور نہ تم فساد کرو	زمین میں
اور نہ تم لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر دو اور نہ تم زمین میں اس کی اصلاح کے بعد فساد کرو					

بَعۡدَ إِصۡلَٰحِهَاۚ ذَٰلِكُمۡ خَيۡرٌ لَّكُمۡ إِن كُنتُم

بَعۡدَ إِصۡلَٰحِهَاۚ	ذَٰلِكُمۡ	خَيۡرٌ	لَّكُمۡ	إِن	كُنتُم
اس کی اصلاح کے بعد	یہ	بہتر ہے	تمھارے لیے	اگر	تم ہو
یہ تمھارے لیے بہتر ہے اگر تم مومن ہو					

مُّؤۡمِنِينَ ﴿٨٥﴾ وَلَا تَقۡعُدُواْ بِكُلِّ صِرَٰطٖ تُوعِدُونَ وَتَصُدُّونَ

وَتَصُدُّونَ	تُوعِدُونَ	صِرَٰطٖ	بِكُلِّ	وَلَا تَقۡعُدُواْ	مُّؤۡمِنِينَ ﴿٨٥﴾
اور تم روکتے ہو	کہ تم دھمکاتے ہو	راستے پر	ہر ایک	اور تم مت بیٹھو	مومن

اور تم راستوں پر اس غرض سے مت بیٹھا کرو کہ اللہ پر ایمان لانے والوں کو دھمکیاں دو

عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ مَنۡ ءَامَنَ بِهِۦ وَتَبۡغُونَهَا عِوَجٗاۚ

عِوَجٗاۚ	وَتَبۡغُونَهَا	بِهِۦ	ءَامَنَ	مَنۡ	عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ
کوئی ٹیڑھ	اور تم ڈھونڈتے ہو اس راستے میں	اس پر	ایمان لائے	ہر اس شخص کو جو	اللہ کے راستے سے

اور اللہ کے راستے سے روکو اور تم ڈھونڈتے ہو اس راستے میں کوئی ٹیڑھ

وَٱذۡكُرُوٓاْ إِذۡ كُنتُمۡ قَلِيلٗا فَكَثَّرَكُمۡۖ وَٱنظُرُواْ كَيۡفَ

كَيۡفَ	وَٱنظُرُواْ	فَكَثَّرَكُمۡۖ	كُنتُمۡ قَلِيلٗا	إِذۡ	وَٱذۡكُرُوٓاْ
کیسا ہوا	اور تم دیکھو	تو اس نے تمھیں زیادہ کر دیا	تم تھوڑے تھے	جب	اور تم یاد کرو

اور تم اس وقت کو یاد کرو جب کہ تم تھوڑے تھے تو اللہ نے تمھیں زیادہ کر دیا اور تم دیکھو

كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلۡمُفۡسِدِينَ ﴿٨٦﴾ وَإِن كَانَ طَآئِفَةٞ مِّنكُمۡ

مِّنكُمۡ	طَآئِفَةٞ	وَإِن كَانَ	ٱلۡمُفۡسِدِينَ ﴿٨٦﴾	عَٰقِبَةُ	كَانَ
تم میں سے	کچھ لوگ	اور اگر ہیں	فساد کرنے والوں کا	انجام	تھا(ہے)

فساد کرنے والوں کا انجام کیسا ہوتا ہے۔ اگر تم میں سے ایک گروہ اس (تعلیم) پر ایمان لے آیا ہے

ءَامَنُواْ بِٱلَّذِيٓ أُرۡسِلۡتُ بِهِۦ وَطَآئِفَةٞ لَّمۡ يُؤۡمِنُواْ

ءَامَنُواْ	بِٱلَّذِيٓ	أُرۡسِلۡتُ	بِهِۦ	وَطَآئِفَةٞ	لَّمۡ يُؤۡمِنُواْ
جو ایمان لائے	اس پر کہ	مجھے بھیجا گیا	اس کے ساتھ	اور کچھ لوگ	وہ ایمان نہیں لائے
جس کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں اور ایک گروہ ایمان نہیں لایا ہے					

فَٱصۡبِرُواْ حَتَّىٰ يَحۡكُمَ ٱللَّهُ بَيۡنَنَاۚ وَهُوَ

فَٱصۡبِرُواْ	حَتَّىٰ	يَحۡكُمَ	ٱللَّهُ	بَيۡنَنَاۚ	وَهُوَ
تو تم صبر کرو	یہاں تک کہ	فیصلہ کرے	اللہ	ہمارے درمیان	اور وہ
تو تم صبر کرو یہاں تک کہ اللہ ہمارے درمیان فیصلہ کرے					

خَيۡرُ ٱلۡحَٰكِمِينَ ﴿٨٧﴾ قَالَ ٱلۡمَلَأُ ٱلَّذِينَ ٱسۡتَكۡبَرُواْ

خَيۡرُ	ٱلۡحَٰكِمِينَ ﴿٨٧﴾	قَالَ	ٱلۡمَلَأُ	ٱلَّذِينَ	ٱسۡتَكۡبَرُواْ
سب سے بہتر	فیصلہ کرنے والا ہے	کہا	ان سرداروں نے	جنہوں نے	تکبر کیا
اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔ ان کی قوم کے متکبر سرداروں نے کہا					

مِن قَوۡمِهِۦ لَنُخۡرِجَنَّكَ يَٰشُعَيۡبُ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ

مِن قَوۡمِهِۦ	لَنُخۡرِجَنَّكَ	يَٰشُعَيۡبُ	وَٱلَّذِينَ	ءَامَنُواْ
اس کی قوم میں سے	یقیناً ہم تجھے ضرور نکال دینگے	اے شعیب!	اور ان لوگوں کو بھی جو	ایمان لائے
اے شعیب! ہم آپ کو اور جو آپ کے ساتھ ایمان والے ہیں				

مَعَكَ مِن قَرۡيَتِنَآ أَوۡ لَتَعُودُنَّ فِي مِلَّتِنَاۚ قَالَ

قَالَ	فِي مِلَّتِنَاۚ	لَتَعُودُنَّ	أَوۡ	مِن قَرۡيَتِنَآ	مَعَكَ
(شعیبؑ نے) کہا	ہمارے دین میں	یقیناً تم ضرور لوٹ آؤ گے	یا	اپنی بستی سے	تیرے ساتھ

ان کو اپنی بستی سے نکال دینگے یا یہ کہ تم ہمارے دین میں واپس آ جاو، شعیبؑ نے جواب دیا

أَوَلَوۡ كُنَّا كَٰرِهِينَ ٨٨ قَدِ ٱفۡتَرَيۡنَا عَلَى ٱللَّهِ كَذِبًا

كَذِبًا	عَلَى ٱللَّهِ	ٱفۡتَرَيۡنَا	قَدِ	كُنَّا كَٰرِهِينَ ٨٨	أَوَلَوۡ
جھوٹ	اللہ پر	(پھر تو) ہم نے باندھا	یقیناً	ہم ناپسند کرنے والے بھی ہوں؟	کیا اگرچہ

کیا اگر ہمیں یہ سب کچھ ناپسند ہو تب بھی؟ پھر تو ہم یقیناً اللہ پر جھوٹ گھڑنے والے ہونگے

إِنۡ عُدۡنَا فِي مِلَّتِكُم بَعۡدَ إِذۡ نَجَّىٰنَا ٱللَّهُ مِنۡهَاۚ

مِنۡهَاۚ	نَجَّىٰنَا ٱللَّهُ	بَعۡدَ إِذۡ	فِي مِلَّتِكُم	عُدۡنَا	إِنۡ
اس سے	اللہ نے ہمیں نجات دی	اس کے بعد کہ	تمھارے دین میں	ہم لوٹ آئیں	اگر

اگر ہم تمھارے دین میں لوٹ آئیں اس کے بعد کہ اللہ نے ہمیں اس سے نجات دی

وَمَا يَكُونُ لَنَآ أَن نَّعُودَ فِيهَآ إِلَّآ

إِلَّآ	فِيهَآ	نَّعُودَ	أَن	لَنَآ	وَمَا يَكُونُ
مگر	اس میں	ہم لوٹ آئیں	یہ کہ	ہمارے لیے	اور نہیں ہے لائق

اور ہمارے لیے قطعاً ممکن نہیں ہے کہ ہم اس ملت میں لوٹ آئیں،

أَن يَشَآءَ ٱللَّهُ رَبُّنَاۚ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيۡءٍ

أَن	يَشَآءَ ٱللَّهُ	رَبُّنَاۚ	وَسِعَ	رَبُّنَا	كُلَّ شَيۡءٍ
یہ کہ	اللہ چاہے	جو ہمارا رب ہے	احاطہ کرر کھا ہے	ہمارے رب نے	ہر چیز کا
سوائے اس کے کہ اللہ جو ہمارا پروردگار ہے وہ چاہے، اور ہمارے رب نے تو ہر چیز کا اپنے علم کا احاطہ کیا ہوا ہے					

عِلۡمًاۚ عَلَى ٱللَّهِ تَوَكَّلۡنَاۚ رَبَّنَا ٱفۡتَحۡ بَيۡنَنَا

عِلۡمًاۚ	عَلَى ٱللَّهِ	تَوَكَّلۡنَاۚ	رَبَّنَا	ٱفۡتَحۡ	بَيۡنَنَا
(اپنے) علم سے	اللہ ہی پر	ہم نے بھروسہ کیا	اے ہمارے رب!	تو فیصلہ فرما	ہمارے درمیان
ہم نے اللہ ہی پر بھروسہ کیا۔ اے ہمارے رب!					

وَبَيۡنَ قَوۡمِنَا بِٱلۡحَقِّ وَأَنتَ خَيۡرُ ٱلۡفَٰتِحِينَ ٨٩ وَقَالَ

وَبَيۡنَ قَوۡمِنَا	بِٱلۡحَقِّ	وَأَنتَ	خَيۡرُ ٱلۡفَٰتِحِينَ ٨٩	وَقَالَ
اور ہماری قوم کے درمیان	حق کے ساتھ	اور تو	سب فیصلہ کرنے والوں سے بہتر ہے	اور کہا
تو ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ فرما اور تو سب فیصلہ کرنے والوں سے بہتر ہے				

ٱلۡمَلَأُ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ مِن قَوۡمِهِۦ لَئِنِ ٱتَّبَعۡتُمۡ شُعَيۡبًا

ٱلۡمَلَأُ ٱلَّذِينَ	كَفَرُواْ	مِن قَوۡمِهِۦ	لَئِنِ	ٱتَّبَعۡتُمۡ	شُعَيۡبًا
ان سرداروں نے جنہوں نے	کفر کیا	اس کی قوم میں سے	بلاشبہ اگر	تم نے اتباع کیا	شعیبؑ کا
اور ان کی قوم کے کافر سرداروں نے کہا کہ اگر تم نے شعیبؑ کی پیروی کی					

إِنَّكُمۡ إِذٗا لَّخَٰسِرُونَ ٩٠ فَأَخَذَتۡهُمُ ٱلرَّجۡفَةُ فَأَصۡبَحُواْ

فَأَصۡبَحُواْ	ٱلرَّجۡفَةُ	فَأَخَذَتۡهُمُ	لَّخَٰسِرُونَ ٩٠	إِذٗا	إِنَّكُمۡ
تووہ ہوگئے	زلزلے نے	پھر ان کو آپکڑا	ضرور خسارہ اٹھانے والے ہوگے	اس وقت	تو یقیناً تم

تو یقیناً تم اس وقت ضرور خسارہ اٹھانے والے ہوگے۔ پھر ان کو زلزلے نے آپکڑا

فِي دَارِهِمۡ جَٰثِمِينَ ٩١ ٱلَّذِينَ كَذَّبُواْ شُعَيۡبٗا كَأَن

كَأَن	شُعَيۡبٗا	كَذَّبُواْ	ٱلَّذِينَ	جَٰثِمِينَ ٩١	فِي دَارِهِمۡ
(یوں ہوگئے) گویا کہ	شعیبؑ کو	جھٹلایا	وہ لوگ جنہوں نے	گھٹنوں کے بل پڑے ہوئے	اپنے گھروں میں

تو وہ اپنے گھروں میں گھٹنوں کے بل پڑے ہوئے ہوگئے۔ وہ لوگ جنہوں نے شعیبؑ کو جھٹلایا (یوں ہوگئے) گویا کہ

لَّمۡ يَغۡنَوۡاْ فِيهَاۚ ٱلَّذِينَ كَذَّبُواْ شُعَيۡبٗا كَانُواْ هُمُ

كَانُواْ هُمُ	شُعَيۡبٗا	كَذَّبُواْ	ٱلَّذِينَ	فِيهَاۚ	لَّمۡ يَغۡنَوۡاْ
وہی تھے	شعیبؑ کو	جھٹلایا	وہ لوگ جنہوں نے	ان میں	وہ کبھی نہیں رہے تھے

وہ کبھی ان میں نہیں رہے تھے وہ لوگ جنہوں نے شعیبؑ کو جھٹلایا

ٱلۡخَٰسِرِينَ ٩٢ فَتَوَلَّىٰ عَنۡهُمۡ وَقَالَ يَٰقَوۡمِ لَقَدۡ

لَقَدۡ	يَٰقَوۡمِ	وَقَالَ	عَنۡهُمۡ	فَتَوَلَّىٰ	ٱلۡخَٰسِرِينَ ٩٢
یقیناً	اے میری قوم!	اور کہا	ان سے	پھر اس (شعیبؑ) نے منہ پھیرا	خسارہ اٹھانے والے

وہی خسارہ اٹھانے والے تھے۔ پھر شعیبؑ نے ان سے منہ پھیرا، اور کہا اے میری قوم!

أَبۡلَغۡتُكُمۡ رِسَٰلَٰتِ رَبِّي وَنَصَحۡتُ لَكُمۡۖ فَكَيۡفَ ءَاسَىٰ

أَبۡلَغۡتُكُمۡ	رِسَٰلَٰتِ رَبِّي	وَنَصَحۡتُ	لَكُمۡۖ	فَكَيۡفَ	ءَاسَىٰ
میں نے تمھیں پہنچا دیئے	اپنے رب کے پیغامات	اور میں نے خیر خواہی کی	تمھاری	پھر کیوں	میں غم کھاؤں

یقیناً میں نے تمھیں اپنے رب کے پیغامات پہنچا دیئے اور میں نے تمھاری خیر خواہی کی پھر کیوں میں کافر قوم پر افسوس کروں

عَلَىٰ قَوۡمٖ كَٰفِرِينَ ﴿٩٣﴾ وَمَآ أَرۡسَلۡنَا فِي قَرۡيَةٖ مِّن نَّبِيٍّ إِلَّآ أَخَذۡنَآ

عَلَىٰ قَوۡمٖ كَٰفِرِينَ ﴿٩٣﴾	وَمَآ أَرۡسَلۡنَا	فِي قَرۡيَةٖ	مِّن نَّبِيٍّ	إِلَّآ	أَخَذۡنَآ
کافر قوم پر ؟	اور ہم نے نہیں بھیجا	کسی بستی میں	کوئی نبی	مگر	ہم نے پکڑا

اور ہم نے کسی بستی میں کوئی نبی نہیں بھیجا مگر یہ کہ ہم نے وہاں کے رہنے والوں کو

أَهۡلَهَا بِٱلۡبَأۡسَآءِ وَٱلضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمۡ يَضَّرَّعُونَ ﴿٩٤﴾ ثُمَّ

أَهۡلَهَا	بِٱلۡبَأۡسَآءِ	وَٱلضَّرَّآءِ	لَعَلَّهُمۡ	يَضَّرَّعُونَ ﴿٩٤﴾	ثُمَّ
اس کے رہنے والوں کو	سختی کے ساتھ	اور تکلیف کے ساتھ	تاکہ وہ	گڑگڑائیں	پھر

سختی اور تکلیف کے ساتھ پکڑا، تاکہ وہ گڑگڑائیں۔

بَدَّلۡنَا مَكَانَ ٱلسَّيِّئَةِ ٱلۡحَسَنَةَ حَتَّىٰ عَفَواْ وَّقَالُواْ

بَدَّلۡنَا	مَكَانَ ٱلسَّيِّئَةِ	ٱلۡحَسَنَةَ	حَتَّىٰ	عَفَواْ	وَّقَالُواْ
ہم نے بدل کر دے دی ان کو	برائی کی جگہ	اچھائی	یہاں تک کہ	وہ بہت بڑھ گئے	اور انہوں نے کہا

پھر ہم نے ان کو برائی کی جگہ اچھائی بدل کر دے دی یہاں تک کہ ان کو بہت ترقی ہوئی اور کہنے لگے

قَدۡ مَسَّ ءَابَآءَنَا ٱلضَّرَّآءُ وَٱلسَّرَّآءُ فَأَخَذۡنَـٰهُم

فَأَخَذۡنَـٰهُم	وَٱلسَّرَّآءُ	ٱلضَّرَّآءُ	ءَابَآءَنَا	مَسَّ	قَدۡ
تو ہم نے انہیں پکڑ لیا	اور راحت	یہ سختی	ہمارے باپ دادا کو بھی	پہنچی تھی	یقیناً

کہ یقیناً ہمارے باپ دادا کو بھی یہ سختی اور راحت پہنچی تھی تو ہم نے انہیں اچانک پکڑ لیا

بَغۡتَةً وَهُمۡ لَا يَشۡعُرُونَ۝٩٥ وَلَوۡ أَنَّ أَهۡلَ ٱلۡقُرَىٰٓ

أَهۡلَ ٱلۡقُرَىٰٓ	أَنَّ	وَلَوۡ	لَا يَشۡعُرُونَ۝٩٥	وَهُمۡ	بَغۡتَةً
بستیوں والے	بیشک	اور اگر	شعور نہیں رکھتے تھے	اور وہ	اچانک

اور وہ شعور نہیں رکھتے تھے۔ اور اگر ان بستیوں کے رہنے والے ایمان لے آتے

ءَامَنُواْ وَٱتَّقَوۡاْ لَفَتَحۡنَا عَلَيۡهِم بَرَكَـٰتٍ

بَرَكَـٰتٍ	عَلَيۡهِم	لَفَتَحۡنَا	وَٱتَّقَوۡاْ	ءَامَنُواْ
بہت سی برکتیں	ان پر	تو ہم ضرور کھول دیتے	اور تقویٰ اختیار کرتے	ایمان لے آتے

اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم ان پر ضرور آسمان اور زمین کی برکتیں کھول دیتے

مِّنَ ٱلسَّمَآءِ وَٱلۡأَرۡضِ وَلَـٰكِن كَذَّبُواْ فَأَخَذۡنَـٰهُم بِمَا

بِمَا	فَأَخَذۡنَـٰهُم	كَذَّبُواْ	وَلَـٰكِن	مِّنَ ٱلسَّمَآءِ وَٱلۡأَرۡضِ
ان (عملوں) کی وجہ سے جو	تو ہم نے انہیں پکڑ لیا	انہوں نے جھٹلایا	اور لیکن	آسمان اور زمین سے

لیکن انہوں نے جھٹلایا تو ہم نے انہیں ان کے اعمال کی وجہ سے پکڑ لیا۔

كَانُواْ يَكۡسِبُونَ۝٩٦ أَفَأَمِنَ أَهۡلُ ٱلۡقُرَىٰٓ أَن يَأۡتِيَهُم بَأۡسُنَا

كَانُواْ يَكۡسِبُونَ۝٩٦	أَفَأَمِنَ	أَهۡلُ ٱلۡقُرَىٰٓ	أَن	يَأۡتِيَهُم	بَأۡسُنَا
وہ کماتے تھے	کیا پھر بے خوف ہو گئے	بستیوں والے	اس سے کہ	آجائے ان پر	ہمارا عذاب
کیا پھر ان بستیوں کے رہنے والے اس بات سے بے خوف ہو گئے ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب					

بَيَٰتٗا وَهُمۡ نَآئِمُونَ۝٩٧ أَوَ أَمِنَ أَهۡلُ ٱلۡقُرَىٰٓ أَن

بَيَٰتٗا	وَهُمۡ	نَآئِمُونَ۝٩٧	أَوَ أَمِنَ	أَهۡلُ ٱلۡقُرَىٰٓ	أَن
رات کو	اس حال میں کہ وہ	سوئے ہوئے تھے؟	اور کیا بے خوف ہو گئے	بستیوں والے	اس سے کہ
رات کو اس حال میں آجائے کہ وہ سوئے ہوئے ہوں۔ اور کیا ان بستیوں کے رہنے والے اس بات سے بے خوف ہو گئے ہیں					

يَأۡتِيَهُم بَأۡسُنَا ضُحٗى وَهُمۡ يَلۡعَبُونَ۝٩٨ أَفَأَمِنُواْ

يَأۡتِيَهُم	بَأۡسُنَا	ضُحٗى	وَهُمۡ	يَلۡعَبُونَ۝٩٨	أَفَأَمِنُواْ
آجائے ان پر	ہمارا عذاب	دن چڑھے	اور وہ	کھیل رہے ہوں؟	کیا پھر وہ بے خوف ہو گئے
کہ ان پر ہمارا عذاب دن چڑھے آجائے جس وقت کہ وہ اپنے کھیلوں میں مشغول ہوں۔					

مَكۡرَ ٱللَّهِۚ فَلَا يَأۡمَنُ مَكۡرَ ٱللَّهِ إِلَّا ٱلۡقَوۡمُ ٱلۡخَٰسِرُونَ۝٩٩

مَكۡرَ ٱللَّهِۚ	فَلَا يَأۡمَنُ	مَكۡرَ ٱللَّهِ	إِلَّا	ٱلۡقَوۡمُ ٱلۡخَٰسِرُونَ۝٩٩
اللہ کی خفیہ تدبیر سے	سو نہیں بے خوف ہوتے	اللہ کی خفیہ تدبیر سے	مگر	خسارہ پانے والے لوگ ہی
کیا پھر وہ اللہ کی خفیہ تدبیر سے بے خوف ہو گئے ہیں سو نہیں بے خوف ہوتے اللہ کی خفیہ تدبیر سے مگر خسارہ پانے والے لوگ ہی۔				

أَوَ لَمۡ يَهۡدِ لِلَّذِينَ يَرِثُونَ ٱلۡأَرۡضَ مِنۢ بَعۡدِ أَهۡلِهَآ

أَوَ لَمۡ يَهۡدِ	لِلَّذِينَ	يَرِثُونَ ٱلۡأَرۡضَ	مِنۢ بَعۡدِ أَهۡلِهَآ
اور کیا نہیں واضح ہوئی	ان لوگوں کے لیے جو	زمین کے وارث بنے	اس کے رہنے والوں (کی ہلاکت) کے بعد
اور کیا ان لوگوں کے لیے جو زمین کے وارث بنے اس کے رہنے والوں (کی ہلاکت) کے بعد یہ بات واضح نہیں ہوئی			

أَن لَّوۡ نَشَآءُ أَصَبۡنَٰهُم بِذُنُوبِهِمۡۚ وَنَطۡبَعُ

أَن	لَّوۡ	نَشَآءُ	أَصَبۡنَٰهُم	بِذُنُوبِهِمۡۚ	وَنَطۡبَعُ
یہ بات کہ	اگر	ہم چاہیں	تو ہم انہیں سزا دیں	ان کے گناہوں کی وجہ سے	اور ہم مہر لگا دیں
کہ اگر ہم چاہیں تو ہم انہیں ان کے گناہوں کی وجہ سے سزا دیں					

عَلَىٰ قُلُوبِهِمۡ فَهُمۡ لَا يَسۡمَعُونَ ۝١٠٠ تِلۡكَ ٱلۡقُرَىٰ نَقُصُّ

عَلَىٰ قُلُوبِهِمۡ	فَهُمۡ	لَا يَسۡمَعُونَ ۝١٠٠	تِلۡكَ	ٱلۡقُرَىٰ	نَقُصُّ
ان کے دلوں پر	پھر وہ	کچھ نہ سنیں	یہ	بستیاں ہیں	ہم بیان کرتے ہیں
اور ہم ان کے دلوں پر مہر لگا دیں۔ یہ وہ بستیاں ہیں جن کی کچھ خبریں ہم آپ ﷺ سے بیان کرتے ہیں					

عَلَيۡكَ مِنۡ أَنۢبَآئِهَاۚ وَلَقَدۡ جَآءَتۡهُمۡ رُسُلُهُم بِٱلۡبَيِّنَٰتِ

عَلَيۡكَ	مِنۡ أَنۢبَآئِهَاۚ	وَلَقَدۡ	جَآءَتۡهُمۡ	رُسُلُهُم	بِٱلۡبَيِّنَٰتِ
آپؐ پر	ان کی کچھ خبریں	اور یقیناً	ان کے پاس آئے	ان کے رسول	واضح دلیلوں کے ساتھ
اور یقیناً ان کے پاس ان کے رسول واضح دلیلوں کے ساتھ آئے					

فَمَا كَانُواْ لِيُؤۡمِنُواْ بِمَا كَذَّبُواْ مِن قَبۡلُۚ كَذَٰلِكَ

كَذَٰلِكَ	مِن قَبۡلُۚ	كَذَّبُواْ	بِمَا	لِيُؤۡمِنُواْ	فَمَا كَانُواْ
اسی طرح	اس سے پہلے	وہ جھٹلا چکے تھے	اس پر جسے	(اس لائق) کہ ایمان لاتے	پھر نہ ہوئے وہ
تو وہ نہیں تھے ایمان لانے والے اس پر جس کا انہوں نے پہلے انکار کر دیا تھا۔					

يَطۡبَعُ ٱللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِ ٱلۡكَٰفِرِينَ ﴿١٠١﴾ وَمَا وَجَدۡنَا لِأَكۡثَرِهِم مِّنۡ عَهۡدٖۖ

مِّنۡ عَهۡدٖۖ	لِأَكۡثَرِهِم	وَمَا وَجَدۡنَا	عَلَىٰ قُلُوبِ ٱلۡكَٰفِرِينَ ﴿١٠١﴾	ٱللَّهُ	يَطۡبَعُ
کوئی عہد (کا پاس)	ان کے اکثر کے لیے	اور ہم نے نہیں پایا	کافروں کے دلوں پر	اللہ	مہر لگا دیتا ہے
اسی طرح اللہ تعالیٰ کافروں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے اور ہم نے ان میں سے اکثر میں عہد کی پابندی نہیں پائی۔					

وَإِن وَجَدۡنَآ أَكۡثَرَهُمۡ لَفَٰسِقِينَ ﴿١٠٢﴾ ثُمَّ بَعَثۡنَا

بَعَثۡنَا	ثُمَّ	لَفَٰسِقِينَ ﴿١٠٢﴾	أَكۡثَرَهُمۡ	وَجَدۡنَآ	وَإِن
ہم نے بھیجا	پھر	نافرمان ہی	ان کے اکثر کو	ہم نے پایا	اور بیشک
اور ہم نے ان کی اکثریت کو نافرمان ہی پایا۔ پھر ہم نے ان کے بعد موسیٰؑ کو					

مِنۢ بَعۡدِهِم مُّوسَىٰ بِـَٔايَٰتِنَآ إِلَىٰ فِرۡعَوۡنَ وَمَلَإِيْهِۦ فَظَلَمُواْ

فَظَلَمُواْ	إِلَىٰ فِرۡعَوۡنَ وَمَلَإِيْهِۦ	بِـَٔايَٰتِنَآ	مُّوسَىٰ	مِنۢ بَعۡدِهِم
تو انہوں نے ظلم کیا	فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف	اپنی آیات کے ساتھ	موسیٰؑ کو	ان کے بعد
اپنی آیات کے ساتھ فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف بھیجا تو انہوں نے ان (نشانیوں) کے ساتھ ظلم کیا				

بِهَاۖ فَٱنظُرۡ كَيۡفَ كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلۡمُفۡسِدِينَ ﴿١٠٣﴾ وَقَالَ مُوسَىٰ

وَقَالَ مُوسَىٰ	ٱلۡمُفۡسِدِينَ ﴿١٠٣﴾	عَٰقِبَةُ	كَيۡفَ كَانَ	فَٱنظُرۡ	بِهَاۖ
اور موسیٰؑ نے کہا	فساد کرنے والوں کا؟	انجام	کیسا ہوا	پھر دیکھیے	ان کے ساتھ
پھر دیکھیے کیسا ہوا فساد کرنے والوں کا انجام؟ اور موسیٰؑ نے کہا					

يَٰفِرۡعَوۡنُ إِنِّي رَسُولٌ مِّن رَّبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ ﴿١٠٤﴾ حَقِيقٌ عَلَىٰٓ أَن

عَلَىٰٓ أَن	حَقِيقٌ	مِّن رَّبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ ﴿١٠٤﴾	رَسُولٌ	إِنِّي	يَٰفِرۡعَوۡنُ
یہ بات کہ	واجب ہے (میرے لیے)	رب العالمین کی طرف سے	رسول ہوں	بیشک میں	اے فرعون!
اے فرعون! بیشک میں رب العالمین کی طرف سے رسول ہوں۔ فرض ہے میرے لیے یہ بات کہ					

لَّآ أَقُولَ عَلَى ٱللَّهِ إِلَّا ٱلۡحَقَّۚ قَدۡ جِئۡتُكُم بِبَيِّنَةٍ

بِبَيِّنَةٍ	جِئۡتُكُم	قَدۡ	إِلَّا ٱلۡحَقَّۚ	عَلَى ٱللَّهِ	لَّآ أَقُولَ
واضح دلیل	میں تمھارے پاس لایا ہوں	یقیناً	مگر حق ہی	اللہ کے بارے میں	میں نہ کہوں
میں اللہ کے بارے میں حق کے سوا کچھ نہ کہوں، میں یقیناً تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے واضح دلیل لایا ہوں					

مِّن رَّبِّكُمۡ فَأَرۡسِلۡ مَعِيَ بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ ﴿١٠٥﴾ قَالَ إِن

إِن	قَالَ	بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ ﴿١٠٥﴾	مَعِيَ	فَأَرۡسِلۡ	مِّن رَّبِّكُمۡ
اگر	اس نے (فرعون نے) کہا	بنی اسرائیل کو	میرے ساتھ	لہٰذا تو بھیج دے	تمھارے رب کی طرف سے
لہٰذا تو بنی اسرائیل کو میرے ساتھ بھیج دے۔ اس فرعون نے کہا					

كُنتَ جِئۡتَ بِـَٔايَةٖ فَأۡتِ بِهَآ إِن كُنتَ مِنَ ٱلصَّٰدِقِينَ۝١٠٦

كُنتَ جِئۡتَ	بِـَٔايَةٖ	فَأۡتِ بِهَآ	إِن	كُنتَ	مِنَ ٱلصَّٰدِقِينَ۝١٠٦
تولایاہے	کوئی نشانی	تووہ لے آ	اگر	توہے	سچوں میں سے
اگر تو کوئی نشانی لایاہے تووہ لے آ، اگر تو سچوں میں سے ہے					

فَأَلۡقَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعۡبَانٞ مُّبِينٞ۝١٠٧ وَنَزَعَ

فَأَلۡقَىٰ	عَصَاهُ	فَإِذَا	هِيَ	ثُعۡبَانٞ مُّبِينٞ۝١٠٧	وَنَزَعَ
توڈال دی(موسیٰؑ نے)	اپنی لاٹھی	پھر اچانک	وہ	(بن گئی) ایک اژدھا تھا ظاہر	اور اس نے باہر نکالا
تو موسیٰ نے اپنے لاٹھی ڈال دی تو اُسی وقت وہ حقیقی اژدھا بن گیا اور موسیٰؑ نے اپنا ہاتھ باہر نکالا					

يَدَهُۥ فَإِذَا هِيَ بَيۡضَآءُ لِلنَّٰظِرِينَ۝١٠٨ قَالَ

يَدَهُۥ	فَإِذَا	هِيَ	بَيۡضَآءُ	لِلنَّٰظِرِينَ۝١٠٨	قَالَ
اپناہاتھ	تو اچانک	وہ	سفید چمکتا ہوا تھا	دیکھنے والوں کے لیے	کہا
تو اچانک وہ دیکھنے والوں کے لیے سفید چمکتا ہوا تھا					

ٱلۡمَلَأُ مِن قَوۡمِ فِرۡعَوۡنَ إِنَّ هَٰذَا لَسَٰحِرٌ عَلِيمٞ۝١٠٩

ٱلۡمَلَأُ	مِن قَوۡمِ فِرۡعَوۡنَ	إِنَّ	هَٰذَا	لَسَٰحِرٌ	عَلِيمٞ۝١٠٩
سرداروں نے	فرعون کی قوم میں سے	بلاشبہ	یہ تو	یقیناً جادوگر ہے	ماہر
فرعون کی قوم کے سرداروں نے کہا یہ تو یقیناً ماہر جادوگر ہے۔					

يُرِيدُ أَن يُخۡرِجَكُم مِّنۡ أَرۡضِكُمۡۖ فَمَاذَا تَأۡمُرُونَ﴿١١٠﴾

تَأۡمُرُونَ﴿١١٠﴾	فَمَاذَا	مِّنۡ أَرۡضِكُمۡۖ	يُخۡرِجَكُم	أَن	يُرِيدُ
تم مشورہ دیتے ہو؟	تو کیا	تمھاری سرزمین سے	تمھیں نکال دے	یہ کہ	وہ چاہتا ہے
وہ چاہتا ہے کہ تمھیں تمھاری سرزمین سے نکال دے تو تم لوگ کیا مشورہ دیتے ہو					

قَالُوٓاْ أَرۡجِهۡ وَأَخَاهُ وَأَرۡسِلۡ فِي ٱلۡمَدَآئِنِ حَٰشِرِينَ﴿١١١﴾

حَٰشِرِينَ﴿١١١﴾	فِي ٱلۡمَدَآئِنِ	وَأَرۡسِلۡ	وَأَخَاهُ	أَرۡجِهۡ	قَالُوٓاْ
اکٹھے کرنے والے	شہروں میں	اور تو بھیج	اور اس کے بھائی کو	تو مہلت دے اسے	انہوں نے کہا
(پھر مشورہ دیتے ہوئے) انہوں نے کہا کہ (فی الحال) موسیٰ اور اس کے بھائی کو مہلت دی دیجیے اور شہروں میں اکٹھے کرنے					

يَأۡتُوكَ بِكُلِّ سَٰحِرٍ عَلِيمٖ﴿١١٢﴾ وَجَآءَ ٱلسَّحَرَةُ فِرۡعَوۡنَ قَالُوٓاْ

قَالُوٓاْ	فِرۡعَوۡنَ	ٱلسَّحَرَةُ	وَجَآءَ	بِكُلِّ سَٰحِرٍ عَلِيمٖ﴿١١٢﴾	يَأۡتُوكَ
انہوں نے کہا	فرعون کے پاس	جادوگر	اور آئے	ہر ماہر جادوگر کو	وہ لے آئیں تیرے پاس
والے بھیج دیجیے۔ جو آپ کے پاس تمام ماہر جادوگروں کو لے آئیں۔ اور وہ جادوگر فرعون کے پاس آئے، انہوں نے کہا					

إِنَّ لَنَا لَأَجۡرًا إِن كُنَّا نَحۡنُ ٱلۡغَٰلِبِينَ﴿١١٣﴾

ٱلۡغَٰلِبِينَ﴿١١٣﴾	كُنَّا نَحۡنُ	إِن	لَأَجۡرًا	لَنَا	إِنَّ
غالب	ہم ہی ہوئے	اگر	ضرور انعام ہوگا	ہمارے لیے	یقیناً
یقیناً ہمارے لیے انعام تو ضرور ہوگا اگر ہم غالب آ گئے!					

قَالَ نَعَمۡ وَإِنَّكُمۡ لَمِنَ ٱلۡمُقَرَّبِينَ ﴿١١٤﴾ قَالُواْ يَٰمُوسَىٰٓ

قَالَ	نَعَمۡ	وَإِنَّكُمۡ	لَمِنَ ٱلۡمُقَرَّبِينَ ﴿١١٤﴾	قَالُواْ	يَٰمُوسَىٰٓ
اس (فرعون نے) کہا	ہاں!	اور بلاشبہ تم	مقربین میں سے ہونگے	انہوں نے کہا	اے موسیٰ!

اس (فرعون نے) کہا ہاں! اور بلاشبہ تم (انعام کے علاوہ) مقربین میں سے ہونگے جادو گروں نے کہا اے موسیٰ!

إِمَّآ أَن تُلۡقِيَ وَإِمَّآ أَن نَّكُونَ نَحۡنُ ٱلۡمُلۡقِينَ ﴿١١٥﴾ قَالَ

إِمَّآ	أَن تُلۡقِيَ	وَإِمَّآ	أَن نَّكُونَ نَحۡنُ	ٱلۡمُلۡقِينَ ﴿١١٥﴾	قَالَ
یا	یہ ہے کہ تو ڈالے گا	اور یا	یہ ہے کہ پہلے ہم ہی ہوں	ڈالنے والے؟	(موسیٰ نے) کہا

اب تم پہلے ڈالو گے یا ہم ہو جائیں پہلے ڈالنے والے؟ (موسیٰ نے) کہا

أَلۡقُواْۖ فَلَمَّآ أَلۡقَوۡاْ سَحَرُوٓاْ أَعۡيُنَ ٱلنَّاسِ وَٱسۡتَرۡهَبُوهُمۡ

أَلۡقُواْۖ	فَلَمَّآ	أَلۡقَوۡاْ	سَحَرُوٓاْ	أَعۡيُنَ ٱلنَّاسِ	وَٱسۡتَرۡهَبُوهُمۡ
پہلے تم ہی ڈالو	پھر جب	انہوں نے ڈالی (لاٹھیاں تو)	جادو کر دیا	لوگوں کی آنکھوں پر	اور انہوں نے انہیں ڈرا دیا

پھر جب انہوں نے لاٹھیاں ڈالیں تو لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر دیا اور انہوں نے انہیں ڈرا دیا

وَجَآءُو بِسِحۡرٍ عَظِيمٍ ﴿١١٦﴾ وَأَوۡحَيۡنَآ إِلَىٰ مُوسَىٰٓ أَنۡ أَلۡقِ

وَجَآءُو	بِسِحۡرٍ عَظِيمٍ ﴿١١٦﴾	وَأَوۡحَيۡنَآ	إِلَىٰ مُوسَىٰٓ	أَنۡ	أَلۡقِ
اور وہ لائے	بہت بڑا جادو	اور ہم نے وحی کی	موسیٰ کی طرف	یہ کہ	تو (بھی) ڈال

اور وہ بہت بڑا جادو لائے اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی

عَصَاكَ ۖ فَإِذَا هِيَ تَلۡقَفُ مَا يَأۡفِكُونَ ﴿١١٧﴾

يَأۡفِكُونَ ﴿١١٧﴾	مَا	تَلۡقَفُ	هِيَ	فَإِذَا	عَصَاكَ ۖ
وہ گھڑتے تھے	اس (جھوٹ) کو جو	نگلنے لگا	تو فوراً وہ	پھر جب (اس نے ڈالا)	اپنا عصا
کہ اپنا عصا ڈالو پھر جب موسیٰ نے اپنا عصا ڈالا تو وہ فوراً اس جھوٹ کو نگلنے لگا جو وہ گھڑتے تھے					

فَوَقَعَ ٱلۡحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُواْ يَعۡمَلُونَ ﴿١١٨﴾ فَغُلِبُواْ

فَغُلِبُواْ	كَانُواْ يَعۡمَلُونَ ﴿١١٨﴾	مَا	وَبَطَلَ	ٱلۡحَقُّ	فَوَقَعَ
چنانچہ وہ (جادوگر) مغلوب ہو گئے	وہ کر رہے تھے	جو کچھ	اور باطل ہو گیا	حق	تو ثابت ہو گیا
پس حق ظاہر ہو گیا اور جو کچھ وہ کر رہے تھے وہ باطل ہو گیا چنانچہ وہ (جادوگر) وہاں مغلوب ہو گئے					

هُنَالِكَ وَٱنقَلَبُواْ صَٰغِرِينَ ﴿١١٩﴾ وَأُلۡقِيَ ٱلسَّحَرَةُ سَٰجِدِينَ ﴿١٢٠﴾

سَٰجِدِينَ ﴿١٢٠﴾	ٱلسَّحَرَةُ	وَأُلۡقِيَ	صَٰغِرِينَ ﴿١١٩﴾	وَٱنقَلَبُواْ	هُنَالِكَ
سجدے میں	جادوگر	اور گرا دیئے گئے	ذلیل و خوار ہو کر	اور وہ لوٹے	وہاں
اور وہ ذلیل و خوار ہو کر لوٹے۔ اور جادوگر سجدے میں گرا دیئے گئے					

قَالُوٓاْ ءَامَنَّا بِرَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ ﴿١٢١﴾ رَبِّ مُوسَىٰ وَهَٰرُونَ ﴿١٢٢﴾ قَالَ فِرۡعَوۡنُ

قَالَ فِرۡعَوۡنُ	رَبِّ مُوسَىٰ وَهَٰرُونَ ﴿١٢٢﴾	بِرَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ ﴿١٢١﴾	ءَامَنَّا	قَالُوٓاْ
فرعون نے کہا	موسیٰ اور ہارون کے رب پر	رب العالمین پر	ہم ایمان لائے	انہوں نے کہا
انہوں نے کہا ہم رب العالمین پر ایمان لائے موسیٰ اور ہارون کے رب پر۔ فرعون نے کہا				

ءَامَنتُم بِهِۦ قَبۡلَ أَنۡ ءَاذَنَ لَكُمۡۖ

ءَامَنتُم	بِهِۦ	قَبۡلَ	أَنۡ	ءَاذَنَ	لَكُمۡۖ
کیا تم ایمان لے آئے ہو	اس پر	اس سے پہلے	کہ	میں اجازت دوں	تمھیں
(تمھاری یہ جرأت کہ) تم اس پر ایمان لے آئے ہو اس سے پہلے کہ میں تمھیں اجازت دوں!					

إِنَّ هَٰذَا لَمَكۡرٞ مَّكَرۡتُمُوهُ فِي ٱلۡمَدِينَةِ لِتُخۡرِجُواْ مِنۡهَآ

إِنَّ هَٰذَا	لَمَكۡرٞ	مَّكَرۡتُمُوهُ	فِي ٱلۡمَدِينَةِ	لِتُخۡرِجُواْ	مِنۡهَآ
بیشک یہ تو	یقیناً مکر ہے	تم نے یہ مکر کیا ہے	اس شہر میں	تاکہ تم نکالو دو	اس شہر سے
یہ تمھاری ایک سوچی سمجھی سازش ہے جو تم سب نے مل کر چلی ہے اس شہر کے اندر تاکہ تم اس شہر کے رہنے والوں کو					

أَهۡلَهَاۖ فَسَوۡفَ تَعۡلَمُونَ ١٢٣ لَأُقَطِّعَنَّ أَيۡدِيَكُمۡ وَأَرۡجُلَكُم

أَهۡلَهَاۖ	فَسَوۡفَ	تَعۡلَمُونَ ١٢٣	لَأُقَطِّعَنَّ	أَيۡدِيَكُمۡ	وَأَرۡجُلَكُم
اس کے رہنے والوں کو	پھر عنقریب	تم جان لوگے	یقیناً میں ضرور کاٹوں گا	تمھارے ہاتھ	اور تمھارے پاؤں
اس شہر سے نکالو دو پھر عنقریب تم جان لوگے۔ یقیناً میں تمھارے ہاتھ اور تمھارے پاؤں مخالف سمت سے ضرور کاٹوں گا					

مِّنۡ خِلَٰفٖ ثُمَّ لَأُصَلِّبَنَّكُمۡ أَجۡمَعِينَ ١٢٤ قَالُوٓاْ إِنَّآ

مِّنۡ خِلَٰفٖ	ثُمَّ	لَأُصَلِّبَنَّكُمۡ	أَجۡمَعِينَ ١٢٤	قَالُوٓاْ	إِنَّآ
مخالف سمت سے	پھر	یقیناً میں تمھیں ضرور سولی پر لٹکاؤں گا	سب کو	انہوں نے کہا	یقیناً ہم
پھر میں تم سب کو ضرور سولی پر لٹکاؤں گا۔ انہوں نے کہا (ٹھیک ہے) یقیناً ہم					

إِلَىٰ رَبِّنَا مُنقَلِبُونَ ﴿١٢٥﴾ وَمَا تَنقِمُ مِنَّآ إِلَّآ أَنۡ

أَنۡ	إِلَّآ	مِنَّآ	وَمَا تَنقِمُ	مُنقَلِبُونَ ﴿١٢٥﴾	إِلَىٰ رَبِّنَا
یہ کہ	مگر	ہم سے	اور نہیں تو انتقام لے رہا	لوٹنے والے ہیں	اپنے رب ہی کی طرف

اپنے رب ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ اور نہیں تو ہم سے انتقام لے رہا مگر یہ کہ

ءَامَنَّا بِـَٔايَٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتۡنَاۚ رَبَّنَآ أَفۡرِغۡ

أَفۡرِغۡ	رَبَّنَآ	جَآءَتۡنَاۚ	لَمَّا	بِـَٔايَٰتِ رَبِّنَا	ءَامَنَّا
تو ڈال دے	اے ہمارے رب!	وہ ہمارے پاس آئیں	جب	اپنے رب کی آیات پر	ہم ایمان لائے

ہم اپنے رب کی آیات پر ایمان لائے جب وہ ہمارے پاس آئیں۔ اے ہمارے رب! تو ہم پر صبر ڈال دے

عَلَيۡنَا صَبۡرًا وَتَوَفَّنَا مُسۡلِمِينَ ﴿١٢٦﴾ وَقَالَ ٱلۡمَلَأُ مِن قَوۡمِ فِرۡعَوۡنَ

ٱلۡمَلَأُ مِن قَوۡمِ فِرۡعَوۡنَ	وَقَالَ	مُسۡلِمِينَ ﴿١٢٦﴾	وَتَوَفَّنَا	صَبۡرًا	عَلَيۡنَا
فرعون کی قوم کے سرداروں نے	اور کہا	اس حال میں کہ ہم مسلمان ہوں	اور ہمیں فوت کر	صبر	ہم پر

اور ہمیں اس حال میں فوت کر کہ ہم مسلمان ہوں۔ اور فرعون کی قوم کے سرداروں نے (فرعون سے) کہا

أَتَذَرُ مُوسَىٰ وَقَوۡمَهُۥ لِيُفۡسِدُواْ فِي ٱلۡأَرۡضِ وَيَذَرَكَ

وَيَذَرَكَ	فِي ٱلۡأَرۡضِ	لِيُفۡسِدُواْ	وَقَوۡمَهُۥ	مُوسَىٰ	أَتَذَرُ
اور وہ تجھے چھوڑ دے	اس سرزمین میں	تاکہ وہ فساد پھیلائیں	اور اس کی قوم کو	موسیٰؑ	کیا تو چھوڑتا ہے

کیا آپ موسیٰؑ اور اس کی قوم کو اسی طرح چھوڑیں رکھیں گے تاکہ وہ اس سرزمین میں فساد پھیلائیں

وَءَالِهَتَكَۚ قَالَ سَنُقَتِّلُ أَبۡنَآءَهُمۡ وَنَسۡتَحۡيِۦ

وَنَسۡتَحۡيِۦ	أَبۡنَآءَهُمۡ	سَنُقَتِّلُ	قَالَ	وَءَالِهَتَكَۚ
اور زندہ رہنے دینگے	ان کے بیٹے	ہم ضرور قتل کریں گے	(فرعون نے) کہا	اور تیرے معبودوں کو؟
اور وہ تجھے اور تیرے معبودوں کو چھوڑ دیں۔ فرعون نے کہا ہم ضرور ان کے بیٹوں کو قتل کرینگے				

نِسَآءَهُمۡ وَإِنَّا فَوۡقَهُمۡ قَٰهِرُونَ ١٢٧ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوۡمِهِ

لِقَوۡمِهِ	قَالَ مُوسَىٰ	قَٰهِرُونَ ١٢٧	فَوۡقَهُمۡ	وَإِنَّا	نِسَآءَهُمۡ
اپنی قوم سے	موسیٰؑ نے کہا	غالب ہیں	ان پر	اور بیشک ہم	ان کی عورتیں (بیٹیاں)
اور ان کی بیٹیوں زندہ رہنے دینگے اور بیشک ہم ان پر غالب ہیں۔ موسیٰؑ نے اپنی قوم سے کہا					

ٱسۡتَعِينُواْ بِٱللَّهِ وَٱصۡبِرُوٓاْۖ إِنَّ ٱلۡأَرۡضَ لِلَّهِ

لِلَّهِ	ٱلۡأَرۡضَ	إِنَّ	وَٱصۡبِرُوٓاْۖ	بِٱللَّهِ	ٱسۡتَعِينُواْ
اللہ ہی کی ہے	زمین تو	یقیناً	اور صبر کرو	اللہ سے	تم مدد مانگو
تم اللہ سے مدد مانگو اور صبر کرو یقیناً یہ زمین اللہ کی ہے					

يُورِثُهَا مَن يَشَآءُ مِنۡ عِبَادِهِۦۖ وَٱلۡعَٰقِبَةُ لِلۡمُتَّقِينَ ١٢٨

لِلۡمُتَّقِينَ ١٢٨	وَٱلۡعَٰقِبَةُ	مِنۡ عِبَادِهِۦۖ	يَشَآءُ	مَن	يُورِثُهَا
متقیوں ہی کے لیے ہے	اور اچھا انجام تو	اپنے بندوں میں سے	وہ چاہتا ہے	جسے	وہ اس کا وارث بناتا ہے
وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اس کا وارث بناتا ہے اور اچھا انجام تو متقیوں ہی کے لیے ہے					

قَالُوٓاْ أُوذِينَا مِن قَبۡلِ أَن تَأۡتِيَنَا وَمِنۢ بَعۡدِ

قَالُوٓاْ	أُوذِينَا	مِن قَبۡلِ	أَن	تَأۡتِيَنَا	وَمِنۢ بَعۡدِ
انہوں نے کہا	ہمیں تکلیف دی گئی	اس سے پہلے	کہ	تو ہمارے پاس آئے	اور اس کے بعد

انہوں نے کہا (اے موسیٰؑ) ہمیں آپ کے آنے سے پہلے بھی اور آپ کے آنے کے بعد بھی تکلیف دی گئی

مَا جِئۡتَنَاۚ قَالَ عَسَىٰ رَبُّكُمۡ أَن يُهۡلِكَ

مَا	جِئۡتَنَاۚ	قَالَ	عَسَىٰ	رَبُّكُمۡ	أَن يُهۡلِكَ
کہ	تو ہمارے پاس آگیا	اس (موسیٰ) نے کہا	امید ہے کہ	تمھارا رب	ہلاک کر دے گا

اس (موسیٰ) نے کہا امید ہے کہ تمھارا رب تمھارے دشمن کو ہلاک کر دے گا

عَدُوَّكُمۡ وَيَسۡتَخۡلِفَكُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ فَيَنظُرَ كَيۡفَ تَعۡمَلُونَ ١٢٩

عَدُوَّكُمۡ	وَيَسۡتَخۡلِفَكُمۡ	فِي ٱلۡأَرۡضِ	فَيَنظُرَ	كَيۡفَ	تَعۡمَلُونَ ١٢٩
تمھارے دشمن کو	اور تمھیں جانشین بنا دے	زمین میں	پھر وہ دیکھے گا کہ	کیسے	تم عمل کرتے ہو؟

اور تمھیں زمین میں جانشین بنا دے پھر وہ دیکھے گا کہ تم کیسے عمل کرتے ہو؟

وَلَقَدۡ أَخَذۡنَآ ءَالَ فِرۡعَوۡنَ بِٱلسِّنِينَ وَنَقۡصٖ مِّنَ ٱلثَّمَرَٰتِ لَعَلَّهُمۡ

وَلَقَدۡ	أَخَذۡنَآ	ءَالَ فِرۡعَوۡنَ	بِٱلسِّنِينَ	وَنَقۡصٖ مِّنَ ٱلثَّمَرَٰتِ	لَعَلَّهُمۡ
اور یقیناً	ہم نے پکڑا	آل فرعون کو	قحط سالی کے ساتھ	اور پھلوں میں نقصان کے ساتھ	تاکہ وہ

اور یقیناً ہم نے آل فرعون کو قحط سالی کے ساتھ اور پھلوں میں نقصان کے ساتھ پکڑا تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں

يَذَّكَّرُونَ۝١٣٠ فَإِذَا جَآءَتۡهُمُ ٱلۡحَسَنَةُ قَالُواْ لَنَا هَٰذِهِۦۖ

لَنَا هَٰذِهِۦۖ	قَالُواْ	ٱلۡحَسَنَةُ	جَآءَتۡهُمُ	فَإِذَا	يَذَّكَّرُونَ۝١٣٠
یہ ہمارے ہی لیے ہے	تو وہ کہتے	بھلائی	آتی ان کے پاس	پھر جب	نصیحت حاصل کریں

پھر جب ان کے پاس بھلائی آتی تو وہ کہتے یہ ہمارے ہی لیے ہے

وَإِن تُصِبۡهُمۡ سَيِّئَةٞ يَطَّيَّرُواْ بِمُوسَىٰ وَمَن مَّعَهُۥٓۗ

وَمَن مَّعَهُۥٓۗ	بِمُوسَىٰ	يَطَّيَّرُواْ	سَيِّئَةٞ	تُصِبۡهُمۡ	وَإِن
اور ان لوگوں کے ساتھ جو اس کے ہمراہ تھے	موسیٰ کے ساتھ	تو وہ نحوست پکڑتے	کوئی برائی	انہیں پہنچتی	اور اگر

اور اگر انہیں کوئی برائی (تکلیف) پہنچتی تو وہ موسیٰ اور ان کے ساتھیوں کی نحوست سمجھتے۔

أَلَآ إِنَّمَا طَٰٓئِرُهُمۡ عِندَ ٱللَّهِ وَلَٰكِنَّ أَكۡثَرَهُمۡ لَا يَعۡلَمُونَ۝١٣١

لَا يَعۡلَمُونَ۝١٣١	أَكۡثَرَهُمۡ	وَلَٰكِنَّ	عِندَ ٱللَّهِ	إِنَّمَا طَٰٓئِرُهُمۡ	أَلَآ
جانتے نہیں	ان کے اکثر	اور لیکن	اللہ کے پاس ہے	ان کی نحوست تو	خبردار!

خبردار! ان کی نحوست تو اللہ کے پاس ہے لیکن ان کے اکثر لوگ جانتے نہیں۔

وَقَالُواْ مَهۡمَا تَأۡتِنَا بِهِۦ مِنۡ ءَايَةٖ لِّتَسۡحَرَنَا بِهَا

بِهَا	لِّتَسۡحَرَنَا	مِنۡ ءَايَةٖ	مَهۡمَا تَأۡتِنَا بِهِۦ	وَقَالُواْ
اس کے ساتھ	تاکہ تو ہم پر جادو کر دے	کوئی نشانی	تو ہمارے پاس جو بھی لائے گا	اور انہوں نے کہا

اور انہوں نے کہا (اے موسیٰ) تو ہمارے پاس کوئی نشانی بھی لے آؤ تاکہ تو ہم پر اس کے ذریعے جادو کر دے

فَمَا نَحۡنُ لَكَ بِمُؤۡمِنِينَ۝١٣٢ فَأَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمُ ٱلطُّوفَانَ

فَمَا نَحۡنُ	لَكَ	بِمُؤۡمِنِينَ۝١٣٢	فَأَرۡسَلۡنَا	عَلَيۡهِمُ	ٱلطُّوفَانَ
تو بھی ہم نہیں ہیں	تجھ پر	ایمان لانے والے	پھر ہم نے بھیجا	ان پر	طوفان
تو بھی ہم تجھ پر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ پھر ہم نے ان پر طوفان بھیجا					

وَٱلۡجَرَادَ وَٱلۡقُمَّلَ وَٱلضَّفَادِعَ وَٱلدَّمَ ءَايَٰتٖ مُّفَصَّلَٰتٖ

وَٱلۡجَرَادَ	وَٱلۡقُمَّلَ	وَٱلضَّفَادِعَ	وَٱلدَّمَ	ءَايَٰتٖ	مُّفَصَّلَٰتٖ
اور ٹڈی دل	اور جوئیں	اور مینڈک	اور خون	(تمام) نشانیاں	الگ الگ ہیں
اور ٹڈی دل اور جوئیں اور مینڈک اور خون '(ہم نے بھیجیں یہ) نشانیاں وقفے وقفے سے'					

فَٱسۡتَكۡبَرُواْ وَكَانُواْ قَوۡمٗا مُّجۡرِمِينَ۝١٣٣ وَلَمَّا وَقَعَ

فَٱسۡتَكۡبَرُواْ	وَكَانُواْ	قَوۡمٗا	مُّجۡرِمِينَ۝١٣٣	وَلَمَّا	وَقَعَ
پھر انہوں نے تکبر کیا	اور وہ تھے	لوگ	مجرم	اور جب	واقع ہوتا
پھر انہوں نے تکبر کیا اور وہ مجرم لوگ تھے اور جب ان پر عذاب واقع ہو گیا					

عَلَيۡهِمُ ٱلرِّجۡزُ قَالُواْ يَٰمُوسَى ٱدۡعُ لَنَا

عَلَيۡهِمُ	ٱلرِّجۡزُ	قَالُواْ	يَٰمُوسَى	ٱدۡعُ	لَنَا
ان پر	یہ عذاب	تو کہتے	اے موسیٰؑ	تو دعا کر	ہمارے لیے
تو وہ کہتے اے موسیٰؑ اپنے رب سے ہمارے لیے دعا کر					

رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِندَكَۖ لَئِن كَشَفۡتَ

كَشَفۡتَ	لَئِن	عِندَكَۖ	عَهِدَ	بِمَا	رَبَّكَ
تو دور کردے	یقیناً اگر	تجھ سے	اس نے عہد کیا	اس کے ذریعے سے جو	اپنے رب سے
اس عہد کے ذریعے سے جو اس نے تم سے کر رکھا ہے کہ اگر تو ہم سے یہ عذاب دور کر دے					

عَنَّا ٱلرِّجۡزَ لَنُؤۡمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرۡسِلَنَّ مَعَكَ

مَعَكَ	وَلَنُرۡسِلَنَّ	لَكَ	لَنُؤۡمِنَنَّ	عَنَّا ٱلرِّجۡزَ
تیرے ساتھ	اور یقیناً ہم ضرور بھیج دینگے	تجھ پر	تو بلاشبہ ہم ضرور ایمان لے آئیں گے	ہم سے یہ عذاب
تو بلاشبہ ہم ضرور ایمان تجھ پر لے آئیں گے اور یقیناً ہم تیرے ساتھ ضرور بنی اسرائیل کو بھیج دینگے				

بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ ١٣٤ فَلَمَّا كَشَفۡنَا عَنۡهُمُ ٱلرِّجۡزَ إِلَىٰٓ أَجَلٍ

إِلَىٰٓ أَجَلٍ	ٱلرِّجۡزَ	عَنۡهُمُ	كَشَفۡنَا	فَلَمَّا	بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ ١٣٤
ایک وقت تک (کہ)	عذاب	ان پر سے	ہم نے دور کر دیا	پھر جب	بنی اسرائیل کو
پھر جب ہم نے ان پر سے عذاب ایک خاص مدت تک کے لیے دور کر دیا کہ					

هُم بَٰلِغُوهُ إِذَا هُمۡ يَنكُثُونَ ١٣٥ فَٱنتَقَمۡنَا

فَٱنتَقَمۡنَا	يَنكُثُونَ ١٣٥	هُمۡ	إِذَا	بَٰلِغُوهُ	هُم
آخر کار ہم نے انتقام لیا	عہد توڑ دیتے	وہ	تب	پہنچنے والے ہوتے اس کو	وہ
جس تک وہ پہنچنے والے ہوتے تب وہ فوراً عہد توڑ دیتے۔ آخر کار ہم نے ان سے انتقام لیا					

مِنۡهُمۡ فَأَغۡرَقۡنَٰهُمۡ فِي ٱلۡيَمِّ بِأَنَّهُمۡ كَذَّبُواْ بِـَٔايَٰتِنَا

مِنۡهُمۡ	فَأَغۡرَقۡنَٰهُمۡ	فِي ٱلۡيَمِّ	بِأَنَّهُمۡ	كَذَّبُواْ	بِـَٔايَٰتِنَا
ان سے	تو ہم نے انہیں غرق کر دیا	سمندر میں	اس وجہ سے کہ	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیات کو
تو ہم نے انہیں سمندر میں غرق کر دیا اس وجہ سے کہ انہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا					

وَكَانُواْ عَنۡهَا غَٰفِلِينَ ۝١٣٦ وَأَوۡرَثۡنَا ٱلۡقَوۡمَ ٱلَّذِينَ كَانُواْ يُسۡتَضۡعَفُونَ

وَكَانُواْ	عَنۡهَا	غَٰفِلِينَ ۝١٣٦	وَأَوۡرَثۡنَا	ٱلۡقَوۡمَ ٱلَّذِينَ	كَانُواْ يُسۡتَضۡعَفُونَ
اور وہ تھے	ان سے	غافل	اور ہم نے وارث بنا دیا	ان لوگوں کو جو	کمزور سمجھے جاتے تھے
اور وہ ان آیات سے غافل تھے۔ اور ہم نے ان لوگوں کو جو کمزور سمجھے جاتے تھے زمین کے مشرکوں اور مغربوں کا وارث بنا دیا					

مَشَٰرِقَ ٱلۡأَرۡضِ وَمَغَٰرِبَهَا ٱلَّتِي بَٰرَكۡنَا فِيهَاۖ وَتَمَّتۡ

مَشَٰرِقَ ٱلۡأَرۡضِ	وَمَغَٰرِبَهَا	ٱلَّتِي	بَٰرَكۡنَا	فِيهَاۖ	وَتَمَّتۡ
اس زمین کے مشرکوں	اور اس کے مغربوں کو	وہ (زمین) کہ	ہم نے برکت رکھی تھی	اس میں	اور پوری ہوئی
وہ زمین جس میں ہم نے برکت رکھی تھی۔					

كَلِمَتُ رَبِّكَ ٱلۡحُسۡنَىٰ عَلَىٰ بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ بِمَا صَبَرُواْۖ وَدَمَّرۡنَا

كَلِمَتُ رَبِّكَ	ٱلۡحُسۡنَىٰ	عَلَىٰ بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ	بِمَا صَبَرُواْۖ	وَدَمَّرۡنَا
آپ کے رب کی بات	جو سب سے اچھی ہے	بنی اسرائیل پر	اس وجہ سے جو انہوں نے صبر کیا	اور ہم نے تباہ کر دیا
اور تیرے رب کا اچھا وعدہ بنی اسرائیل کے حق میں پورا ہوا اس وجہ سے جو انہوں نے صبر کیا اور ہم نے تباہ کر دیا				

مَا كَانَ يَصۡنَعُ فِرۡعَوۡنُ وَقَوۡمُهُۥ وَمَا كَانُواْ يَعۡرِشُونَ ﴿١٣٧﴾

مَا	كَانَ يَصۡنَعُ	فِرۡعَوۡنُ	وَقَوۡمُهُۥ	وَمَا	كَانُواْ يَعۡرِشُونَ ﴿١٣٧﴾
جو کچھ کہ	بنایا کرتا تھا	فرعون	اور اس کی قوم	اور وہ (محلات) جو	وہ بلند کیا کرتے تھے

جو کچھ کہ فرعون اور اس کی قوم (فیکٹریاں اور کارخانے) بناتے اور جو اونچی اونچی عمارتیں اور محلات وہ تعمیر کرتے تھے

وَجَٰوَزۡنَا بِبَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ ٱلۡبَحۡرَ فَأَتَوۡاْ عَلَىٰ قَوۡمٖ يَعۡكُفُونَ

وَجَٰوَزۡنَا	بِبَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ	ٱلۡبَحۡرَ	فَأَتَوۡاْ	عَلَىٰ قَوۡمٖ	يَعۡكُفُونَ
اور ہم نے پار اتار دیا	بنی اسرائیل کو	سمندر سے	تو وہ آئے	ایسے لوگوں پر	جو عبادت میں لگے ہوئے تھے

اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر کے پار اتار دیا تو ان کا گزر ایسی قوم پر ہوا جو اپنے بتوں کی عبادت میں لگے ہوئے تھے

عَلَىٰٓ أَصۡنَامٖ لَّهُمۡۚ قَالُواْ يَٰمُوسَى ٱجۡعَل لَّنَآ إِلَٰهٗا

عَلَىٰٓ أَصۡنَامٖ لَّهُمۡۚ	قَالُواْ	يَٰمُوسَى	ٱجۡعَل	لَّنَآ	إِلَٰهٗا
اپنے بتوں کی	انہوں نے کہا	اے موسیٰؑ!	تو بنا دے	ہمارے لیے	ایک معبود

انہوں نے کہا اے موسیٰؑ! ہمارے لیے بھی کوئی معبود بنا دو

كَمَا لَهُمۡ ءَالِهَةٞۚ قَالَ إِنَّكُمۡ قَوۡمٞ

كَمَا	لَهُمۡ	ءَالِهَةٞۚ	قَالَ	إِنَّكُمۡ	قَوۡمٞ
جیسے کہ ہیں	ان کے	معبود	اس (موسیٰ) نے کہا	بلاشبہ تم	لوگ تو

جیسے ان کے معبود ہیں۔ اس (موسیٰ) نے کہا کہ تم بڑے ہی جاہل لوگ ہو

تَجۡهَلُونَ۝١٣٨ إِنَّ هَٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٞ مَّا هُمۡ

تَجۡهَلُونَ۝١٣٨	إِنَّ	هَٰٓؤُلَآءِ	مُتَبَّرٞ	مَّا	هُمۡ
بالکل جاہل ہو	بلاشبہ	یہ لوگ	تباہ ہونے والا ہے	وہ (مذہب) کہ	وہ
یہ لوگ جس چیز میں پڑے ہوئے ہیں وہ سب کچھ برباد ہونے والا ہے					

فِيهِ وَبَٰطِلٞ مَّا كَانُواْ يَعۡمَلُونَ۝١٣٩ قَالَ أَغَيۡرَ ٱللَّهِ

فِيهِ	وَبَٰطِلٞ	مَّا	كَانُواْ يَعۡمَلُونَ۝١٣٩	قَالَ	أَغَيۡرَ ٱللَّهِ
اس میں (مشغول) ہیں	اور باطل ہیں	جو کچھ کہ	وہ عمل کرتے ہیں	(موسیٰؑ) کہا	کیا اللہ کے سوا
اور جو کچھ یہ لوگ کر رہے ہیں وہ سب باطل ہے۔(موسیٰؑ) کہا کیا میں اللہ کے سوا					

أَبۡغِيكُمۡ إِلَٰهٗا وَهُوَ فَضَّلَكُمۡ عَلَى ٱلۡعَٰلَمِينَ۝١٤٠ وَإِذۡ

أَبۡغِيكُمۡ	إِلَٰهٗا	وَهُوَ	فَضَّلَكُمۡ	عَلَى ٱلۡعَٰلَمِينَ۝١٤٠	وَإِذۡ
میں تلاش کروں تمھارے لیے	کوئی معبود؟	جبکہ اس نے	تمھیں فضیلت دی ہے	تمام جہانوں پر	اور جب
تمھارے لیے کوئی اور معبود تلاش کروں جبکہ اس نے تمھیں تمام جہانوں پر فضیلت دی ہے					

أَنجَيۡنَٰكُم مِّنۡ ءَالِ فِرۡعَوۡنَ يَسُومُونَكُمۡ سُوٓءَ ٱلۡعَذَابِ يُقَتِّلُونَ

أَنجَيۡنَٰكُم	مِّنۡ ءَالِ فِرۡعَوۡنَ	يَسُومُونَكُمۡ	سُوٓءَ ٱلۡعَذَابِ	يُقَتِّلُونَ
ہم نے تمھیں نجات دی	آل فرعون سے	وہ تمھیں دیتے تھے	بدترین عذاب	وہ بری طرح قتل کر دیتے تھے
اور یاد کرو جب ہم نے تمھیں آل فرعون سے نجات دی وہ تمھیں بدترین عذاب دیتے تھے				

أَبۡنَآءَكُمۡ وَيَسۡتَحۡيُونَ نِسَآءَكُمۡۚ وَفِي ذَٰلِكُم بَلَآءٌ

بَلَآءٌ	وَفِي ذَٰلِكُم	نِسَآءَكُمۡۚ	وَيَسۡتَحۡيُونَ	أَبۡنَآءَكُمۡ
آزمائش تھی	اور اس میں	تمھاری عورتیں (بیٹیاں)	اور زندہ رہنے دیتے تھے	تمھارے بیٹے

تمھارے بیٹوں کو قتل تھے اور تمھاری بیٹیوں کو زندہ رکھتے تھے

مِّن رَّبِّكُمۡ عَظِيمٌ ﴿١٤١﴾ وَوَٰعَدۡنَا مُوسَىٰ ثَلَٰثِينَ لَيۡلَةً وَأَتۡمَمۡنَٰهَا

وَأَتۡمَمۡنَٰهَا	ثَلَٰثِينَ لَيۡلَةً	مُوسَىٰ	وَوَٰعَدۡنَا	عَظِيمٌ ﴿١٤١﴾	مِّن رَّبِّكُمۡ
اور ہم نے پورا کیا ان کو	تیس راتوں کا	موسیٰؑ سے	اور ہم نے وعدہ کیا	بہت بڑی	تمھارے رب کی طرف سے

اور یقیناً اس میں تمھارے رب کی طرف سے بہت بڑی آزمائش تھی۔ اور ہم نے موسیٰؑ سے تیس راتوں کا وعدہ کیا

بِعَشۡرٍ فَتَمَّ مِيقَٰتُ رَبِّهِۦٓ أَرۡبَعِينَ لَيۡلَةًۚ

لَيۡلَةًۚ	أَرۡبَعِينَ	رَبِّهِۦٓ	مِيقَٰتُ	فَتَمَّ	بِعَشۡرٍ
راتیں	چالیس	اس کے رب کی	مقررہ مدت	تو پوری ہو گئی	دس (راتوں) کے ساتھ

اور مزید دس راتوں سے ان تیس راتوں کو پورا کیا تو اس کے رب کی مقررہ مدت چالیس راتیں پوری ہو گئی

وَقَالَ مُوسَىٰ لِأَخِيهِ هَٰرُونَ ٱخۡلُفۡنِي فِي قَوۡمِي وَأَصۡلِحۡ

وَأَصۡلِحۡ	فِي قَوۡمِي	ٱخۡلُفۡنِي	هَٰرُونَ	لِأَخِيهِ	وَقَالَ مُوسَىٰ
اور اصلاح کرنا (ان کی)	میری قوم میں	میری جانشینی کرنا	ہارونؑ سے	اپنے بھائی	اور موسیٰؑ نے کہا

اور موسیٰؑ نے اپنے بھائی ہارونؑ سے کہا تم میری قوم میں میری جانشینی کرنا اور ان کی اصلاح کرتے رہنا

وَلَا تَتَّبِعۡ سَبِيلَ ٱلۡمُفۡسِدِينَ ۝١٤٢ وَلَمَّا جَآءَ مُوسَىٰ لِمِيقَٰتِنَا

لِمِيقَٰتِنَا	مُوسَىٰ	جَآءَ	وَلَمَّا	سَبِيلَ ٱلۡمُفۡسِدِينَ ۝١٤٢	وَلَا تَتَّبِعۡ
ہماری مقررہ مدت پر	موسیٰؑ	آئے	اور جب	فساد کرنے والوں کے راستے کی	اور نہ پیروی کرنا

اور فساد کرنے والوں کے راستے کی پیروی نہ کرنا۔ اور جب موسیٰ ہماری مقررہ مدت پر پہنچے

وَكَلَّمَهُۥ رَبُّهُۥ قَالَ رَبِّ أَرِنِيٓ أَنظُرۡ

أَنظُرۡ	أَرِنِيٓ	رَبِّ	قَالَ	رَبُّهُۥ	وَكَلَّمَهُۥ
کہ میں دیکھوں	مجھے دکھا (اپنی جھلک)	اے میری رب	(تو موسیٰؑ نے) کہا	اس کے رب نے	اور اس سے کلام کیا

اور ان کے رب نے ان سے کلام کیا تو موسیٰؑ نے کہا اے میری رب! مجھے اپنی جھلک دکھا کہ میں تجھے دیکھوں

إِلَيۡكَۚ قَالَ لَن تَرَىٰنِي وَلَٰكِنِ ٱنظُرۡ إِلَى ٱلۡجَبَلِ

إِلَى ٱلۡجَبَلِ	ٱنظُرۡ	وَلَٰكِنِ	لَن تَرَىٰنِي	قَالَ	إِلَيۡكَۚ
اس پہاڑ کی طرف	تو دیکھ	اور لیکن	تو مجھے ہر گز نہیں دیکھ سکے گا	(اللہ نے) فرمایا	تجھے

(اللہ نے) فرمایا تو مجھے ہر گز نہیں دیکھ سکے گا اور لیکن تو اس پہاڑ کی طرف دیکھ

فَإِنِ ٱسۡتَقَرَّ مَكَانَهُۥ فَسَوۡفَ تَرَىٰنِيۚ فَلَمَّا

فَلَمَّا	تَرَىٰنِيۚ	فَسَوۡفَ	مَكَانَهُۥ	ٱسۡتَقَرَّ	فَإِنِ
پھر جب	تو بھی مجھے دیکھ سکے گا	تو ضرور	اپنی جگہ پر	وہ ٹھہرا رہا	پھر اگر

پھر اگر وہ اپنی جگہ پر ٹھہرا رہا تو ضرور تو بھی مجھے دیکھ سکے گا

تَجَلَّىٰ رَبُّهُۥ لِلۡجَبَلِ جَعَلَهُۥ دَكّٗا وَخَرَّ

وَخَرَّ	دَكّٗا	جَعَلَهُۥ	لِلۡجَبَلِ	رَبُّهُۥ	تَجَلَّىٰ
اور گر پڑے	ریزہ ریزہ	تو اس نے کر دیا اس کو	پہاڑ پر	اس کے رب نے	جلوہ ڈالا
پھر جب اس کے رب نے پہاڑ پر جلوہ ڈالا تو اس پہاڑ کو ریزہ ریزہ کر دیا					

مُوسَىٰ صَعِقٗاۚ فَلَمَّآ أَفَاقَ قَالَ سُبۡحَٰنَكَ

سُبۡحَٰنَكَ	قَالَ	أَفَاقَ	فَلَمَّآ	صَعِقٗاۚ	مُوسَىٰ
تو پاک ہے	تو کہا	وہ ہوش میں آئے	پھر جب	بے ہوش ہو کر	موسیٰؑ
اور موسیٰؑ بے ہوش ہو کر گر پڑے پھر جب موسیٰ ہوش میں آئے تو کہا اے اللہ تو پاک ہے					

تُبۡتُ إِلَيۡكَ وَأَنَا۠ أَوَّلُ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ١٤٣ قَالَ

قَالَ	ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ١٤٣	أَوَّلُ	وَأَنَا۠	إِلَيۡكَ	تُبۡتُ
(اللہ نے) فرمایا	مومن	سب سے پہلا	اور میں ہوں	تیری طرف	میں نے توبہ کی
میں تیری جناب میں توبہ کرتا ہوں اور میں سب سے پہلا ایمان لانے والا ہوں۔(اللہ نے) فرمایا					

يَٰمُوسَىٰٓ إِنِّي ٱصۡطَفَيۡتُكَ عَلَى ٱلنَّاسِ بِرِسَٰلَٰتِي وَبِكَلَٰمِي

وَبِكَلَٰمِي	بِرِسَٰلَٰتِي	عَلَى ٱلنَّاسِ	ٱصۡطَفَيۡتُكَ	إِنِّي	يَٰمُوسَىٰٓ
اور اپنی ہم کلامی کے لیے	اپنے پیغامات پہنچانے کے لیے	لوگوں پر	تجھے چن لیا ہے	بیشک میں نے	اے موسیٰ
اے موسیٰ بیشک میں نے تجھے لوگوں پر اپنے پیغامات پہنچانے اور اپنی ہم کلامی کے لیے چن لیا ہے					

فَخُذۡ مَآ ءَاتَيۡتُكَ وَكُن مِّنَ ٱلشَّٰكِرِينَ ﴿١٤٤﴾ وَكَتَبۡنَا

فَخُذۡ	مَآ	ءَاتَيۡتُكَ	وَكُن	مِّنَ ٱلشَّٰكِرِينَ ﴿١٤٤﴾	وَكَتَبۡنَا
لہذا تو لے لے	جو کچھ	میں نے تجھے دیا ہے	اور تو ہو جا	شکر گزاروں میں سے	اور ہم نے لکھ دی
تو لے لو جو میں تمھیں دے رہا ہوں اور شکر گزاروں میں سے ہو جاؤ۔					

لَهُۥ فِي ٱلۡأَلۡوَاحِ مِن كُلِّ شَيۡءٖ مَّوۡعِظَةٗ وَتَفۡصِيلٗا لِّكُلِّ شَيۡءٖ

لَهُۥ	فِي ٱلۡأَلۡوَاحِ	مِن كُلِّ شَيۡءٖ	مَّوۡعِظَةٗ	وَتَفۡصِيلٗا	لِّكُلِّ شَيۡءٖ
اس (موسیٰ) کے لیے	تختیوں میں	ہر چیز کے متعلق	نصیحت	اور تفصیل	ہر چیز کی
اس (موسیٰ) کے لیے ہم نے تختیوں پر ہر چیز کے متعلق نصیحت اور ہر چیز کی تفصیل لکھ دی					

فَخُذۡهَا بِقُوَّةٖ وَأۡمُرۡ قَوۡمَكَ يَأۡخُذُواْ بِأَحۡسَنِهَاۚ

فَخُذۡهَا	بِقُوَّةٖ	وَأۡمُرۡ	قَوۡمَكَ	يَأۡخُذُواْ	بِأَحۡسَنِهَاۚ
اب تو انہیں پکڑ	قوت کے ساتھ	اور تو حکم دے	اپنی قوم کو	کہ وہ پکڑیں	ان کی اچھی باتیں
تو اے موسیٰ اس کو مضبوطی کے ساتھ پکڑ لو اور اپنی قوم کو بھی ان کی اچھی باتوں پر عمل کرنے کا حکم دو					

سَأُوْرِيكُمۡ دَارَ ٱلۡفَٰسِقِينَ ﴿١٤٥﴾ سَأَصۡرِفُ عَنۡ ءَايَٰتِيَ ٱلَّذِينَ

سَأُوْرِيكُمۡ	دَارَ ٱلۡفَٰسِقِينَ ﴿١٤٥﴾	سَأَصۡرِفُ	عَنۡ ءَايَٰتِيَ	ٱلَّذِينَ
جلد ہی میں تمھیں دکھاؤں گا	فاسقوں کا گھر	جلد ہی میں پھیروں گا	اپنی آیتوں سے	ان لوگوں کو جو
جلد ہی میں تمھیں فاسقوں کا گھر دکھاؤں گا۔ جلد ہی میں اپنی آیات سے ان لوگوں کو جو زمین میں ناحق تکبر کرتے ہیں				

يَتَكَبَّرُونَ فِي ٱلۡأَرۡضِ بِغَيۡرِ ٱلۡحَقِّ وَإِن يَرَوۡاْ كُلَّ ءَايَةٖ

يَتَكَبَّرُونَ	فِي ٱلۡأَرۡضِ	بِغَيۡرِ ٱلۡحَقِّ	وَإِن	يَرَوۡاْ	كُلَّ ءَايَةٖ
تکبر کرتے ہیں	زمین میں	ناحق	اور اگر	وہ دیکھ لیں	ہر نشانی

پھیر دونگا اور اگر وہ ہر نشانی دیکھ لیں

لَّا يُؤۡمِنُواْ بِهَا وَإِن يَرَوۡاْ سَبِيلَ ٱلرُّشۡدِ لَا يَتَّخِذُوهُ

لَّا يُؤۡمِنُواْ	بِهَا	وَإِن	يَرَوۡاْ	سَبِيلَ ٱلرُّشۡدِ	لَا يَتَّخِذُوهُ
تو بھی وہ ایمان نہیں لائیں گے	ان کے ساتھ	اور اگر	وہ دیکھ لیں	ہدایت کا راستہ	تو نہیں بنائیں گے اسے

تو بھی وہ ان کے ساتھ ایمان نہیں لائیں گے اور اگر وہ ہدایت کا راستہ دیکھ لیں تب بھی اس راستے کو اختیار نہیں کریں گے

سَبِيلٗا وَإِن يَرَوۡاْ سَبِيلَ ٱلۡغَيِّ يَتَّخِذُوهُ سَبِيلٗاۚ

سَبِيلٗا	وَإِن	يَرَوۡاْ	سَبِيلَ ٱلۡغَيِّ	يَتَّخِذُوهُ	سَبِيلٗاۚ
(اپنے لیے) راستہ	اور اگر	وہ دیکھ لیں	گمراہی کا راستہ	تو بنالیں گے اسے اپنے لیے	راستہ

اور اگر وہ گمراہی کا راستہ دیکھ لیں تو وہ اسے فوراً اختیار کر لیں گے

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمۡ كَذَّبُواْ بِـَٔايَٰتِنَا وَكَانُواْ عَنۡهَا

ذَٰلِكَ	بِأَنَّهُمۡ	كَذَّبُواْ	بِـَٔايَٰتِنَا	وَكَانُواْ	عَنۡهَا
یہ	اس وجہ سے کہ	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیات کو	اور وہ تھے	ان سے

یہ اس وجہ سے کہ انہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا اور ان سے غافل تھے

غَـٰفِلِينَ۝١٤٦ وَٱلَّذِينَ كَذَّبُواْ بِـَٔايَـٰتِنَا وَلِقَآءِ ٱلۡأٓخِرَةِ حَبِطَتۡ

حَبِطَتۡ	وَلِقَآءِ ٱلۡأٓخِرَةِ	بِـَٔايَـٰتِنَا	كَذَّبُواْ	وَٱلَّذِينَ	غَـٰفِلِينَ۝١٤٦
تو ضائع ہو گئے	اور آخرت کی ملاقات کو	ہماری آیات کو	جھٹلایا	اور وہ لوگ جنہوں نے	غافل
اور وہ لوگ جنہوں نے ہماری آیات اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا					

أَعۡمَـٰلُهُمۡۚ هَلۡ يُجۡزَوۡنَ إِلَّا مَا كَانُواْ يَعۡمَلُونَ۝١٤٧ وَٱتَّخَذَ

وَٱتَّخَذَ	كَانُواْ يَعۡمَلُونَ۝١٤٧	مَا	إِلَّا	هَلۡ يُجۡزَوۡنَ	أَعۡمَـٰلُهُمۡۚ
اور بنالیا	وہ کیا کرتے تھے	ان (کاموں) کا جو	مگر	انہیں بدلہ نہیں دیا جائے گا	ان کے اعمال
تو ان کے سب اعمال ضائع ہو گئے اور انہیں ان کے کاموں کا ہی بدلہ دیا جائے گا					

قَوۡمُ مُوسَىٰ مِنۢ بَعۡدِهِۦ مِنۡ حُلِيِّهِمۡ عِجۡلٗا جَسَدٗا لَّهُۥ

لَّهُۥ	جَسَدٗا	عِجۡلٗا	مِنۡ حُلِيِّهِمۡ	مِنۢ بَعۡدِهِۦ	قَوۡمُ مُوسَىٰ
اس کی	جو ایک جسم تھا	ایک بچھڑا	اپنے زیورات سے	اس (موسیٰ) کے (طور پر جانے) کے بعد	موسیٰ کی قوم نے
اور موسیٰ کی قوم نے اس موسیٰ کے طور پر جانے کے بعد اپنے زیورات سے ایک بچھڑا بنالیا جو ایک جسم تھا					

خُوَارٌۚ أَلَمۡ يَرَوۡاْ أَنَّهُۥ لَا يُكَلِّمُهُمۡ وَلَا يَهۡدِيهِمۡ

وَلَا يَهۡدِيهِمۡ	لَا يُكَلِّمُهُمۡ	أَنَّهُۥ	يَرَوۡاْ	أَلَمۡ	خُوَارٌۚ
اور نہ انہیں بتاتا ہے	نہ اُن سے کلام کرتا ہے	کہ بیشک وہ (بچھڑا)	انہوں نے دیکھا	کیا نہیں	گائے کی آواز تھی
اس کی گائے کی آواز تھی کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ بیشک وہ بچھڑا نہ اُن سے کلام کرتا ہے اور نہ انہیں کوئی راستہ بتاتا ہے					

سَبِيلاً ٱتَّخَذُوهُ وَكَانُواْ ظَـٰلِمِينَ ﴿١٤٨﴾ وَلَمَّا سُقِطَ فِيٓ أَيۡدِيهِمۡ وَرَأَوۡاْ

وَرَأَوۡاْ	سُقِطَ فِيٓ أَيۡدِيهِمۡ	وَلَمَّا	وَكَانُواْ ظَـٰلِمِينَ ﴿١٤٨﴾	ٱتَّخَذُوهُ	سَبِيلاً
اور انہوں نے دیکھا	وہ شرمندہ ہوئے	اور جب	اور وہ ظالم تھے	انہوں نے اسے (معبود) بنالیا	کوئی راستہ

انہوں نے اسے معبود بنالیا اور وہ ظالم تھے۔ اور جب وہ شرمندہ ہوئے اور انہوں نے دیکھا

أَنَّهُمۡ قَدۡ ضَلُّواْ قَالُواْ لَئِن لَّمۡ يَرۡحَمۡنَا

لَّمۡ يَرۡحَمۡنَا	لَئِن	قَالُواْ	ضَلُّواْ	قَدۡ	أَنَّهُمۡ
ہم پر رحم نہ کیا	بلاشبہ اگر	انہوں نے کہا	گمراہ ہوگئے ہیں	حقیقتاً	کہ بیشک وہ

کہ بیشک وہ حقیقتاً گمراہ ہوگئے ہیں انہوں نے کہا بلاشبہ اگر ہم پر ہمارے رب نے رحم نہ کیا

رَبُّنَا وَيَغۡفِرۡ لَنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ ٱلۡخَـٰسِرِينَ ﴿١٤٩﴾ وَلَمَّا رَجَعَ

رَجَعَ	وَلَمَّا	مِنَ ٱلۡخَـٰسِرِينَ ﴿١٤٩﴾	لَنَكُونَنَّ	وَيَغۡفِرۡ لَنَا	رَبُّنَا
لوٹے	اور جب	خسارہ پانے والوں میں سے	تو یقیناً ہم ہو جائیں گے	اور ہمیں (نہ) بخشا	ہمارے رب نے

اور ہمیں (نہ) بخشا تو یقیناً ہم خسارہ پانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔

مُوسَىٰٓ إِلَىٰ قَوۡمِهِۦ غَضۡبَـٰنَ أَسِفًا قَالَ بِئۡسَمَا

بِئۡسَمَا	قَالَ	أَسِفًا	غَضۡبَـٰنَ	إِلَىٰ قَوۡمِهِۦ	مُوسَىٰٓ
بُری ہے جو	کہا	افسوس کرتے ہوئے	غضبناک	اپنی قوم کی طرف	موسیٰ

اور جب موسیٰ اپنی قوم کی طرف غضبناک اور افسوس کرتے ہوئے لوٹے اور کہا

خَلَفۡتُمُونِي مِنۢ بَعۡدِيٓۖ أَعَجِلۡتُمۡ أَمۡرَ رَبِّكُمۡۖ وَأَلۡقَى

وَأَلۡقَى	أَمۡرَ رَبِّكُمۡۖ	أَعَجِلۡتُمۡ	مِنۢ بَعۡدِيٓۖ	خَلَفۡتُمُونِي
اور پھینک دیں موسیٰ نے	اپنے رب کے حکم سے ؟	کیا تم نے جلدی کی	میرے جانے کے بعد	تم نے میری جانشینی کی
تم نے میرے جانے کے بعد بری جانشینی کی۔ کیا تم نے اپنے رب کے حکم سے پہلے ہی جلدی لی۔				

ٱلۡأَلۡوَاحَ وَأَخَذَ بِرَأۡسِ أَخِيهِ يَجُرُّهُۥٓ إِلَيۡهِۚ

إِلَيۡهِۚ	يَجُرُّهُۥٓ	أَخِيهِ	بِرَأۡسِ	وَأَخَذَ	ٱلۡأَلۡوَاحَ
اپنی طرف	اسے کھینچتے تھے	اپنے بھائی کا	سر	اور پکڑ لیا	تختیاں
اور موسیٰ نے تختیاں پھینک دیں اور اپنے بھائی کے سر کو پکڑ کر اپنی طرف کھینچنے لگے					

قَالَ ٱبۡنَ أُمَّ إِنَّ ٱلۡقَوۡمَ ٱسۡتَضۡعَفُونِي وَكَادُواْ

وَكَادُواْ	ٱسۡتَضۡعَفُونِي	ٱلۡقَوۡمَ	إِنَّ	ٱبۡنَ أُمَّ	قَالَ
اور قریب تھا	مجھے کمزور سمجھا	ان لوگوں نے	بیشک	اے میری ماں جائے!	ہارونؑ نے کہا
ہارونؑ نے کہا اے میری ماں جائے! بیشک ان لوگوں نے مجھے کمزور سمجھا اور قریب تھا					

يَقۡتُلُونَنِي فَلَا تُشۡمِتۡ بِيَ ٱلۡأَعۡدَآءَ وَلَا تَجۡعَلۡنِي مَعَ ٱلۡقَوۡمِ

مَعَ ٱلۡقَوۡمِ	وَلَا تَجۡعَلۡنِي	ٱلۡأَعۡدَآءَ	بِيَ	فَلَا تُشۡمِتۡ	يَقۡتُلُونَنِي
ان لوگوں کے ساتھ	اور تو مجھے شامل نہ کر	دشمنوں	مجھ پر	پس تو نہ ہنسا	کہ وہ مجھے قتل ہی کر دیتے
کہ وہ مجھے قتل ہی کر دیتے پس تو مجھ پر دشمنوں کو نہ ہنسا اور مجھے ظالم لوگوں کے ساتھ شامل نہ کر۔					

ٱلظَّٰلِمِينَ ۝١٥٠ قَالَ رَبِّ ٱغۡفِرۡ لِي وَلِأَخِي وَأَدۡخِلۡنَا

وَأَدۡخِلۡنَا	وَلِأَخِي	ٱغۡفِرۡ لِي	رَبِّ	قَالَ	ٱلظَّٰلِمِينَ ۝١٥٠
اور ہمیں داخل فرما	اور میرے بھائی کو	تو مجھے بخش دے	اے میرے رب!	موسیٰ نے کہا	جو ظالم ہیں
موسیٰ نے کہا اے میرے رب! تو مجھے اور میرے بھائی کو بخش دے					

فِي رَحۡمَتِكَۖ وَأَنتَ أَرۡحَمُ ٱلرَّٰحِمِينَ ۝١٥١ إِنَّ ٱلَّذِينَ ٱتَّخَذُواْ

ٱتَّخَذُواْ	ٱلَّذِينَ	إِنَّ	وَأَنتَ أَرۡحَمُ ٱلرَّٰحِمِينَ ۝١٥١	فِي رَحۡمَتِكَۖ
بنایا	وہ لوگ جنہوں نے	بیشک	اور تو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے	اپنی رحمت میں
اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل فرما اور تو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔				

ٱلۡعِجۡلَ سَيَنَالُهُمۡ غَضَبٞ مِّن رَّبِّهِمۡ وَذِلَّةٞ فِي ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَاۚ

فِي ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَاۚ	وَذِلَّةٞ	مِّن رَّبِّهِمۡ	غَضَبٞ	سَيَنَالُهُمۡ	ٱلۡعِجۡلَ
دنیا کی زندگی میں	اور ذلت	ان کے رب کی طرف سے	غضب	عنقریب انہیں پہنچے گا	بچھڑے کو معبود
بیشک وہ لوگ جنہوں نے بچھڑے کو معبود بنایا عنقریب انہیں پہنچے گا غضب ان کے رب کی طرف سے اور ذلت دنیا کی زندگی میں۔					

وَكَذَٰلِكَ نَجۡزِي ٱلۡمُفۡتَرِينَ ۝١٥٢ وَٱلَّذِينَ عَمِلُواْ ٱلسَّيِّـَٔاتِ ثُمَّ

ثُمَّ	عَمِلُواْ ٱلسَّيِّـَٔاتِ	وَٱلَّذِينَ	ٱلۡمُفۡتَرِينَ ۝١٥٢	نَجۡزِي	وَكَذَٰلِكَ
پھر	بُرے عمل کیے	اور وہ لوگ جنہوں نے	بہتان باندھنے والوں کو	ہم سزا دیتے ہیں	اور اسی طرح
اور اسی طرح ہم بہتان باندھنے والوں کو سزا دیتے ہیں۔ اور وہ لوگ جنہوں نے بُرے عمل کیے					

تَابُواْ مِنۢ بَعۡدِهَا وَءَامَنُوٓاْ إِنَّ رَبَّكَ مِنۢ بَعۡدِهَا

مِنۢ بَعۡدِهَا	رَبَّكَ	إِنَّ	وَءَامَنُوٓاْ	مِنۢ بَعۡدِهَا	تَابُواْ
اس کے بعد	آپ کا رب!	تو بیشک	اور ایمان لے آئے	ان کے بعد	انہوں نے توبہ کرلی

پھر اس کے بعد انہوں نے توبہ کرلی اور ایمان لے آئے تو بیشک آپ کا رب! اس توبہ کے بعد

لَغَفُورٞ رَّحِيمٞ ١٥٣ وَلَمَّا سَكَتَ عَن مُّوسَى ٱلۡغَضَبُ

ٱلۡغَضَبُ	عَن مُّوسَى	سَكَتَ	وَلَمَّا	رَّحِيمٞ ١٥٣	لَغَفُورٞ
غصہ	موسیٰ کا	ٹھنڈا ہوا	اور جب	رحم کرنے والا ہے	بخشنے والا

بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اور جب موسیٰ کا غصہ ٹھنڈا ہوا

أَخَذَ ٱلۡأَلۡوَاحَۖ وَفِي نُسۡخَتِهَا هُدٗى وَرَحۡمَةٞ لِّلَّذِينَ

لِّلَّذِينَ	وَرَحۡمَةٞ	هُدٗى	وَفِي نُسۡخَتِهَا	ٱلۡأَلۡوَاحَۖ	أَخَذَ
ان لوگوں کے لیے کہ	اور رحمت تھی	ہدایت	اور ان کے مضامین میں	وہ تختیاں	تو انہوں نے اٹھائیں

تو انہوں نے وہ تختیاں اٹھائیں اور ان کے مضامین میں ان لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت تھی

هُمۡ لِرَبِّهِمۡ يَرۡهَبُونَ ١٥٤ وَٱخۡتَارَ مُوسَىٰ قَوۡمَهُۥ سَبۡعِينَ

سَبۡعِينَ	قَوۡمَهُۥ	مُوسَىٰ	وَٱخۡتَارَ	يَرۡهَبُونَ ١٥٤	هُمۡ لِرَبِّهِمۡ
ستر	اپنی قوم میں سے	موسیٰ نے	اور منتخب کیے	ڈرتے تھے	وہ صرف اپنے رب سے

جو صرف اپنے رب سے ڈرتے تھے۔ موسیٰ نے اپنی قوم میں سے ستر آدمی

رَجُلٗا لِّمِيقَٰتِنَاۖ فَلَمَّآ أَخَذَتۡهُمُ ٱلرَّجۡفَةُ قَالَ

رَجُلٗا	لِّمِيقَٰتِنَاۖ	فَلَمَّآ	أَخَذَتۡهُمُ	ٱلرَّجۡفَةُ	قَالَ
آدمی	ہمارے مقررہ وقت کے لیے	پھر جب	پکڑ لیا انہیں	زلزلے نے	(تو موسیٰ نے) کہا

ہمارے مقررہ وقت کے لیے منتخب کیے پھر جب انہیں زلزلے نے پکڑ لیا تو موسیٰ نے کہا

رَبِّ لَوۡ شِئۡتَ أَهۡلَكۡتَهُم مِّن قَبۡلُ وَإِيَّٰيَۖ

رَبِّ	لَوۡ	شِئۡتَ	أَهۡلَكۡتَهُم	مِّن قَبۡلُ	وَإِيَّٰيَۖ
اے میرے رب!	اگر	تو چاہتا	تو انہیں ہلاک کر دیتا	اس سے پہلے	اور مجھے بھی

اے میرے رب! اگر تو چاہتا تو اس سے پہلے ہی انہیں اور مجھے ہلاک کر دیتا

أَتُهۡلِكُنَا بِمَا فَعَلَ ٱلسُّفَهَآءُ مِنَّآۖ إِنۡ

أَتُهۡلِكُنَا	بِمَا	فَعَلَ	ٱلسُّفَهَآءُ	مِنَّآۖ	إِنۡ
کیا تو ہمیں ہلاک کرتا ہے	اس کی وجہ سے جو	کیا	بیوقوفوں نے	ہم میں سے	نہیں ہے

کیا تو ہم میں سے چند بے وقوف لوگوں کی حرکت کی وجہ سے سب کو ہلاک کر دے گا

هِيَ إِلَّا فِتۡنَتُكَ تُضِلُّ بِهَا مَن

هِيَ	إِلَّا	فِتۡنَتُكَ	تُضِلُّ	بِهَا	مَن
یہ	مگر	تیری آزمائش ہی	تو گمراہ کرتا ہے	اس (آزمائش) کے ساتھ	جسے

مگر یہ تیری طرف سے ایک آزمائش ہے تو گمراہ کرتا ہے اس آزمائش کے ساتھ جسے چاہتا ہے

تَشَآءُ وَتَهۡدِي مَن تَشَآءُۖ أَنتَ وَلِيُّنَا

وَلِيُّنَا	أَنتَ	تَشَآءُۖ	مَن	وَتَهۡدِي	تَشَآءُ
ہمارا مددگار ہے	تو	تو چاہتا ہے	جسے	اور تو ہدایت دیتا ہے	تو چاہتا ہے
اور ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے تو ہمارا مددگار ہے					

فَٱغۡفِرۡ لَنَا وَٱرۡحَمۡنَاۖ وَأَنتَ خَيۡرُ ٱلۡغَٰفِرِينَ ١٥٥ وَٱكۡتُبۡ

وَٱكۡتُبۡ	ٱلۡغَٰفِرِينَ ١٥٥	خَيۡرُ	وَأَنتَ	وَٱرۡحَمۡنَاۖ	فَٱغۡفِرۡ لَنَا
اور تو لکھ دے	بخشنے والا ہے	بہترین	اور تو	اور ہم پر رحم فرما	لہذا ہمیں بخش دے
لہذا ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو بہترین بخشنے والا ہے					

لَنَا فِي هَٰذِهِ ٱلدُّنۡيَا حَسَنَةً وَفِي ٱلۡأٓخِرَةِ إِنَّا هُدۡنَآ

هُدۡنَآ	إِنَّا	وَفِي ٱلۡأٓخِرَةِ	حَسَنَةً	فِي هَٰذِهِ ٱلدُّنۡيَا	لَنَا
رجوع کیا	یقیناً ہم نے	اور آخرت میں (بھی)	بھلائی	اس دنیا میں	ہمارے لیے
اور تو ہمارے لیے اس دنیا اور آخرت میں بھلائی لکھ دے یقیناً ہم نے تیری طرف رجوع کیا					

إِلَيۡكَۚ قَالَ عَذَابِيٓ أُصِيبُ بِهِۦ مَنۡ

مَنۡ	بِهِۦ	أُصِيبُ	عَذَابِيٓ	قَالَ	إِلَيۡكَۚ
جسے	وہ	میں پہنچاتا ہوں	میرا عذاب	(اللہ نے) فرمایا	تیری طرف
اللہ نے فرمایا کہ میں اپنا عذاب اسی پر واقع کرتا ہوں جس پر چاہتا ہوں					

أَشَآءُۖ وَرَحۡمَتِي وَسِعَتۡ كُلَّ شَيۡءٖۚ فَسَأَكۡتُبُهَا

فَسَأَكۡتُبُهَا	كُلَّ شَيۡءٖۚ	وَسِعَتۡ	وَرَحۡمَتِي	أَشَآءُۖ
چنانچہ عنقریب میں لکھ دونگا یہ رحمت	ہر چیز کو	اس نے گھیر رکھا ہے	اور میری رحمت	میں چاہتا ہوں

اور میری رحمت نے ہر چیز کو گھیر رکھا ہے چنانچہ عنقریب میں یہ رحمت لکھ دونگا

لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ وَيُؤۡتُونَ ٱلزَّكَوٰةَ وَٱلَّذِينَ هُم

هُم	وَٱلَّذِينَ	ٱلزَّكَوٰةَ	وَيُؤۡتُونَ	يَتَّقُونَ	لِلَّذِينَ
وہ	اور وہ لوگ کہ	زکاۃ	اور دیتے ہیں	ڈرتے ہیں	ان لوگوں کے لیے جو

ان لوگوں کے لیے جو اللہ سے ڈرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں

بِـَٔايَٰتِنَا يُؤۡمِنُونَ ١٥٦ ٱلَّذِينَ يَتَّبِعُونَ ٱلرَّسُولَ ٱلنَّبِيَّ

ٱلنَّبِيَّ	ٱلرَّسُولَ	يَتَّبِعُونَ	ٱلَّذِينَ	يُؤۡمِنُونَ ١٥٦	بِـَٔايَٰتِنَا
جو نبی	اس رسول کا	اتباع کرتے ہیں	وہ لوگ جو	ایمان رکھتے ہیں	ہماری آیات پر

اور وہ لوگ جو ہماری آیات پر ایمان رکھتے ہیں۔ جو لوگ اس رسول نبی اُمّی کا اتباع کرتے ہیں

ٱلۡأُمِّيَّ ٱلَّذِي يَجِدُونَهُۥ مَكۡتُوبًا عِندَهُمۡ فِي ٱلتَّوۡرَىٰةِ

فِي ٱلتَّوۡرَىٰةِ	عِندَهُمۡ	مَكۡتُوبًا	يَجِدُونَهُۥ	ٱلَّذِي	أُمِّيَّ
تورات میں	اپنے ہاں	لکھا ہوا	وہ پاتے ہیں اُسے	وہ جو کہ	اُمّی ہے

جسے وہ اپنے پاس تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں

وَٱلۡإِنجِيلِ يَأۡمُرُهُم بِٱلۡمَعۡرُوفِ وَيَنۡهَىٰهُمۡ عَنِ ٱلۡمُنكَرِ وَيُحِلُّ

وَٱلۡإِنجِيلِ	يَأۡمُرُهُم	بِٱلۡمَعۡرُوفِ	وَيَنۡهَىٰهُمۡ	عَنِ ٱلۡمُنكَرِ	وَيُحِلُّ
اور انجیل میں	وہ انہیں حکم دیتا ہے	اچھے کاموں کا	اور ان کو روکتا ہے	بُرے کاموں سے	اور وہ حلال کرتا ہے
وہ انہیں اچھے کاموں کا حکم دیتا ہے اور ان کو بُرے کاموں سے روکتا ہے					

لَهُمُ ٱلطَّيِّبَٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيۡهِمُ ٱلۡخَبَٰٓئِثَ وَيَضَعُ

لَهُمُ	ٱلطَّيِّبَٰتِ	وَيُحَرِّمُ	عَلَيۡهِمُ	ٱلۡخَبَٰٓئِثَ	وَيَضَعُ
اُن کے لیے	پاکیزہ چیزیں	اور حرام ٹھہراتا ہے	اُن پر	ناپاک چیزیں	اور وہ اتارتا ہے
اور وہ اُن کے لیے پاکیزہ چیزیں حلال کرتا ہے اور اُن پر ناپاک چیزیں حرام ٹھہراتا ہے					

عَنۡهُمۡ إِصۡرَهُمۡ وَٱلۡأَغۡلَٰلَ ٱلَّتِي كَانَتۡ عَلَيۡهِمۡۚ

عَنۡهُمۡ	إِصۡرَهُمۡ	وَٱلۡأَغۡلَٰلَ	ٱلَّتِي	كَانَتۡ	عَلَيۡهِمۡۚ
ان سے	ان کے بوجھ	اور وہ طوق	جو	تھے	ان پر
اور ان لوگوں پر جو بوجھ اور طوق ان کی گردنوں پر تھے ان کو اتارتا ہے					

فَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ بِهِۦ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ وَٱتَّبَعُواْ

فَٱلَّذِينَ	ءَامَنُواْ	بِهِۦ	وَعَزَّرُوهُ	وَنَصَرُوهُ	وَٱتَّبَعُواْ
پھر وہ لوگ جو	ایمان لائے	اس (آپؐ) پر	اور انھوں نے اس کی تعظیم کی	اور اس کی مدد کی	اور انہوں نے اتباع کیا
پھر وہ لوگ جو آپؐ ﷺ پر ایمان لائے اور انہوں نے آپؐ ﷺ کی تعظیم کی اور آپؐ ﷺ کی مدد کی					

ٱلنُّورَ ٱلَّذِيٓ أُنزِلَ مَعَهُۥٓ أُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡمُفۡلِحُونَ۝١٥٧

ٱلۡمُفۡلِحُونَ۝١٥٧	أُوْلَٰٓئِكَ هُمُ	مَعَهُۥٓ	أُنزِلَ	ٱلَّذِيٓ	ٱلنُّورَ
فلاح پانے والے	وہی لوگ ہیں	اس کے ساتھ	نازل کیا گیا	جو	اس نور کا

اور انہوں نے اتباع کیا اس نور کا جو آپ ﷺ کے ساتھ نازل کیا گیا وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں

قُلۡ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ إِنِّي رَسُولُ ٱللَّهِ إِلَيۡكُمۡ جَمِيعًا ٱلَّذِي

ٱلَّذِي	إِلَيۡكُمۡ جَمِيعًا	رَسُولُ ٱللَّهِ	إِنِّي	يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ	قُلۡ
وہ ذات کہ	تم سب کی طرف	اللہ کا رسول ہوں	بیشک میں	اے لوگوں!	کہہ دیجیے

اے نبی ﷺ کہہ دیجیے اے لوگوں! بیشک میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں

لَهُۥ مُلۡكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۖ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ

إِلَّا هُوَ	لَآ إِلَٰهَ	وَٱلۡأَرۡضِۖ	ٱلسَّمَٰوَٰتِ	مُلۡكُ	لَهُۥ
مگر وہی	نہیں ہے کوئی معبود	اور زمین کی	آسمانوں	بادشاہی ہے	اسی کے لیے

اس اللہ تعالیٰ کا جس کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں

يُحۡيِۦ وَيُمِيتُۖ فَـَٔامِنُواْ بِٱللَّهِ وَرَسُولِهِ ٱلنَّبِيِّ ٱلۡأُمِّيِّ

ٱلنَّبِيِّ ٱلۡأُمِّيِّ	وَرَسُولِهِ	بِٱللَّهِ	فَـَٔامِنُواْ	وَيُمِيتُۖ	يُحۡيِۦ
جو نبی اُمی ہے	اور اس کے رسول پر	اللہ پر	لہٰذا تم ایمان لاؤ	اور مارتا ہے	وہ زندہ کرتا ہے

وہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے لہٰذا تم ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول پر جو نبی اُمی ہے

ٱلَّذِي يُؤۡمِنُ بِٱللَّهِ وَكَلِمَٰتِهِۦ وَٱتَّبِعُوهُ لَعَلَّكُمۡ

ٱلَّذِي	يُؤۡمِنُ	بِٱللَّهِ	وَكَلِمَٰتِهِۦ	وَٱتَّبِعُوهُ	لَعَلَّكُمۡ
وہ جو	خود بھی ایمان لاتا ہے	اللہ پر	اور اس کے کلمات پر	اور تم اس کا اتباع کرو	تاکہ تم

وہ جو خود بھی اللہ پر اور اس کے احکامات پر ایمان رکھتا ہے اور تم اس کا اتباع کرو تاکہ تم ہدایت پاؤ۔

تَهۡتَدُونَ ١٥٨ وَمِن قَوۡمِ مُوسَىٰٓ أُمَّةٞ يَهۡدُونَ بِٱلۡحَقِّ وَبِهِۦ

تَهۡتَدُونَ ١٥٨	وَمِن قَوۡمِ مُوسَىٰٓ	أُمَّةٞ	يَهۡدُونَ	بِٱلۡحَقِّ	وَبِهِۦ
ہدایت پاؤ	اور موسیٰ کی قوم میں سے	ایک گروہ ایسا ہے	جو رہنمائی کرتے ہیں	حق کے ساتھ	اور اسی حق کے ساتھ

اور موسیٰ کی قوم میں سے ایک گروہ ایسا ہے جو حق کے ساتھ رہنمائی کرتے ہیں

يَعۡدِلُونَ ١٥٩ وَقَطَّعۡنَٰهُمُ ٱثۡنَتَيۡ عَشۡرَةَ أَسۡبَاطًا أُمَمٗاۚ

يَعۡدِلُونَ ١٥٩	وَقَطَّعۡنَٰهُمُ	ٱثۡنَتَيۡ عَشۡرَةَ	أَسۡبَاطًا	أُمَمٗاۚ
وہ عدل وانصاف کرتے ہیں	اور ہم نے انہیں جدا جدا کر دیا	بارہ	قبیلوں کے لحاظ	(بارہ) جماعتوں میں

اور اسی حق کے ساتھ وہ عدل وانصاف کرتے ہیں اور ہم نے انہیں بارہ قبیلوں کے لحاظ بارہ جماعتیں بنا دیا

وَأَوۡحَيۡنَآ إِلَىٰ مُوسَىٰٓ إِذِ ٱسۡتَسۡقَىٰهُ قَوۡمُهُۥٓ أَنِ ٱضۡرِب

وَأَوۡحَيۡنَآ	إِلَىٰ مُوسَىٰٓ	إِذِ ٱسۡتَسۡقَىٰهُ	قَوۡمُهُۥٓ	أَنِ	ٱضۡرِب
اور ہم نے وحی کی	موسیٰ کی طرف	جب ان سے پانی مانگا	ان کی قوم نے	یہ کہ	تو مار

اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی جب ان سے ان کی قوم نے پانی مانگا

بِّعَصَاكَ ٱلۡحَجَرَۖ فَٱنۢبَجَسَتۡ مِنۡهُ ٱثۡنَتَا عَشۡرَةَ عَيۡنٗاۖ

بِّعَصَاكَ	ٱلۡحَجَرَۖ	فَٱنۢبَجَسَتۡ	مِنۡهُ	ٱثۡنَتَا عَشۡرَةَ	عَيۡنٗاۖ
اپنی لاٹھی	اس پتھر پر	(اس نے ماری) تو پھوٹ پڑے	اس (پتھر) سے	بارہ	چشمے

کہ اپنی لاٹھی اس پتھر پر مارو تو پھر اس پتھر سے بارہ چشمے پھوٹ پڑے

قَدۡ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٖ مَّشۡرَبَهُمۡۚ وَظَلَّلۡنَا عَلَيۡهِمُ

قَدۡ	عَلِمَ	كُلُّ أُنَاسٖ	مَّشۡرَبَهُمۡۚ	وَظَلَّلۡنَا	عَلَيۡهِمُ
یقیناً	جان لی	سب لوگوں نے	اپنی پانی پینے کی جگہ	اور ہم نے سایہ	ان پر

تو سب لوگوں نے اپنی پانی پینے کی جگہ کو جان لیا اور ہم نے ان پر بادلوں کا سایہ کیا

ٱلۡغَمَٰمَ وَأَنزَلۡنَا عَلَيۡهِمُ ٱلۡمَنَّ وَٱلسَّلۡوَىٰۖ كُلُواْ مِن طَيِّبَٰتِ

ٱلۡغَمَٰمَ	وَأَنزَلۡنَا	عَلَيۡهِمُ	ٱلۡمَنَّ وَٱلسَّلۡوَىٰۖ	كُلُواْ	مِن طَيِّبَٰتِ
بادلوں کا	اور ہم نے نازل کیا	ان پر	من و سلوٰی	(اور کہا) تم کھاؤ	ان پاکیزہ چیزوں سے

اور ہم نے ان پر من و سلوٰی نازل کیا (اور کہا) تم کھاؤ ان پاکیزہ چیزوں سے

مَا رَزَقۡنَٰكُمۡۚ وَمَا ظَلَمُونَا وَلَٰكِن كَانُوٓاْ أَنفُسَهُمۡ

مَا	رَزَقۡنَٰكُمۡۚ	وَمَا ظَلَمُونَا	وَلَٰكِن	كَانُوٓاْ	أَنفُسَهُمۡ
جو	ہم نے تمھیں رزق دیا	اور انہوں نے ہم پر ظلم نہیں کیا	اور لیکن	وہ تھے	اپنی ہی جانوں پر

جو ہم نے تمھیں رزق دیا اور انہوں نے ہم پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے۔

يَظۡلِمُونَ ﴿١٦٠﴾ وَإِذۡ قِيلَ لَهُمُ ٱسۡكُنُواْ هَٰذِهِ ٱلۡقَرۡيَةَ وَكُلُواْ

يَظۡلِمُونَ ﴿١٦٠﴾	وَإِذۡ	قِيلَ لَهُمُ	ٱسۡكُنُواْ	هَٰذِهِ ٱلۡقَرۡيَةَ	وَكُلُواْ
ظلم کرتے	اور یاد کرو جب	ان سے کہا گیا	تم رہو	اس بستی میں	اور تم کھاؤ
اور یاد کرو جب ان سے کہا گیا تم رہو اس بستی میں اور جہاں سے چاہو کھاؤ (پیو)					

مِنۡهَا حَيۡثُ شِئۡتُمۡ وَقُولُواْ حِطَّةٌ وَٱدۡخُلُواْ

مِنۡهَا	حَيۡثُ	شِئۡتُمۡ	وَقُولُواْ	حِطَّةٌ	وَٱدۡخُلُواْ
اس میں سے	جہاں سے	تم چاہو	اور کہو	ہمیں معاف کر دے	اور داخل ہو جاؤ
اور کہو ہمیں معاف کر دے اور دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو جاؤ					

ٱلۡبَابَ سُجَّدًا نَّغۡفِرۡ لَكُمۡ خَطِيٓـَٰٔتِكُمۡۚ سَنَزِيدُ

ٱلۡبَابَ	سُجَّدًا	نَّغۡفِرۡ لَكُمۡ	خَطِيٓـَٰٔتِكُمۡۚ	سَنَزِيدُ
دروازے میں	سجدہ کرتے ہوئے	ہم بخش دینگے تمھارے لیے	تمھاری خطائیں	ہم جلد ہی زیادہ دینگے
ہم تمھاری خطائیں بخش دینگے				

ٱلۡمُحۡسِنِينَ ﴿١٦١﴾ فَبَدَّلَ ٱلَّذِينَ ظَلَمُواْ مِنۡهُمۡ قَوۡلًا

ٱلۡمُحۡسِنِينَ ﴿١٦١﴾	فَبَدَّلَ	ٱلَّذِينَ	ظَلَمُواْ	مِنۡهُمۡ	قَوۡلًا
نیکی کرنے والوں کو	پھر بدل دیا	ان لوگوں نے جنھوں نے	ظلم کیا	ان میں سے	بات کو
اور ہم محسنین کو اور بھی زیادہ دینگے۔ پھر ظالم لوگوں نے وہ بات جو ان سے کہی گئی تھی اس کو بدل دیا					

غَيۡرَ ٱلَّذِى قِيلَ لَهُمۡ فَأَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ رِجۡزًا

غَيۡرَ ٱلَّذِى	قِيلَ	لَهُمۡ	فَأَرۡسَلۡنَا	عَلَيۡهِمۡ	رِجۡزًا
اس کے خلاف جو	کہا گیا	ان سے	پھر ہم نے بھیجا	ان پر	عذاب
پھر ہم نے آسمان سے ان پر عذاب بھیجا					

مِّنَ ٱلسَّمَآءِ بِمَا كَانُواْ يَظۡلِمُونَ ١٦٢ وَسۡـَٔلۡهُمۡ عَنِ ٱلۡقَرۡيَةِ ٱلَّتِى

مِّنَ ٱلسَّمَآءِ	بِمَا	كَانُواْ يَظۡلِمُونَ ١٦٢	وَسۡـَٔلۡهُمۡ	عَنِ ٱلۡقَرۡيَةِ	ٱلَّتِى
آسمان سے	اس وجہ سے جو	وہ ظلم کرتے تھے	اور آپ پوچھئے ان سے	اس بستی کے بارے میں	جو
ان کے ظلم کرنے کی وجہ سے۔ اور آپ ان سے اس بستی کے بارے میں پوچھئے					

كَانَتۡ حَاضِرَةَ ٱلۡبَحۡرِ إِذۡ يَعۡدُونَ فِى ٱلسَّبۡتِ إِذۡ تَأۡتِيهِمۡ حِيتَانُهُمۡ

كَانَتۡ	حَاضِرَةَ ٱلۡبَحۡرِ	إِذۡ يَعۡدُونَ	فِى ٱلسَّبۡتِ	إِذۡ تَأۡتِيهِمۡ	حِيتَانُهُمۡ
تھی	ساحل سمندر پر	جب وہ حد سے گزرتے تھے	ہفتے کے دن میں	جب ان کے پاس آتی تھیں	ان کی مچھلیاں
جو ساحل سمندر پر تھی جب وہ ہفتے کے دن میں حد سے گزرتے تھے جب ان کے پاس ان کی مچھلیاں					

يَوۡمَ سَبۡتِهِمۡ شُرَّعًا وَيَوۡمَ لَا يَسۡبِتُونَ لَا تَأۡتِيهِمۡۚ كَذَٰلِكَ

يَوۡمَ سَبۡتِهِمۡ	شُرَّعًا	وَيَوۡمَ لَا يَسۡبِتُونَ	لَا تَأۡتِيهِمۡۚ	كَذَٰلِكَ
ان کے ہفتے کے دن میں	ظاہر (پانی کے اوپر)	اور جو دن ہفتے کا نہ ہوتا	نہ آتیں اُن کے پاس	اسی طرح
ان کے ہفتے کے دن میں ظاہر (پانی کے اوپر) آتیں تھیں اور جو ہفتے کا دن نہ ہوتا ان کے پاس نہ آتیں				

نَبۡلُوهُم بِمَا كَانُواْ يَفۡسُقُونَ﴿١٦٣﴾ وَإِذۡ قَالَتۡ أُمَّةٌ

نَبۡلُوهُم	بِمَا	كَانُواْ يَفۡسُقُونَ﴿١٦٣﴾	وَإِذۡ	قَالَتۡ	أُمَّةٌ
ہم انہیں آزماتے تھے	اس وجہ سے کہ	وہ نافرمانی کرتے تھے	اور جب	کہا	ایک گروہ نے

اسی طرح ہم انہیں آزماتے تھے اس وجہ سے کہ وہ نافرمانی کرتے تھے۔اور جب ان میں سے ایک گروہ نے کہا

مِّنۡهُمۡ لِمَ تَعِظُونَ قَوۡمًا ٱللَّهُ مُهۡلِكُهُمۡ

مِّنۡهُمۡ	لِمَ	تَعِظُونَ	قَوۡمًا	ٱللَّهُ	مُهۡلِكُهُمۡ
ان میں سے	کیوں	تم نصیحت کرتے ہو	ایسی قوم کو	کہ اللہ	انہیں ہلاک کرنے والا ہے

کیوں تم ایسی قوم کو نصیحت کرتے ہو کہ اللہ انہیں ہلاک کرنے والا ہے

أَوۡ مُعَذِّبُهُمۡ عَذَابًا شَدِيدًاۖ قَالُواْ مَعۡذِرَةً إِلَىٰ رَبِّكُمۡ

أَوۡ مُعَذِّبُهُمۡ	عَذَابًا شَدِيدًاۖ	قَالُواْ	مَعۡذِرَةً	إِلَىٰ رَبِّكُمۡ
یا انہیں عذاب دینے والا ہے	انتہائی سخت عذاب ؟	تو انہوں نے کہا	عذر پیش کرنے کے لیے	تمھارے رب کے سامنے

یا انہیں عذاب دینے والا ہے انتہائی سخت عذاب ؟ تو انہوں نے کہا تمھارے رب کے سامنے عذر پیش کرنے کے لیے

وَلَعَلَّهُمۡ يَتَّقُونَ﴿١٦٤﴾ فَلَمَّا نَسُواْ مَا ذُكِّرُواْ

وَلَعَلَّهُمۡ	يَتَّقُونَ﴿١٦٤﴾	فَلَمَّا	نَسُواْ	مَا	ذُكِّرُواْ
اور اس لیے کہ شاید کہ وہ	ڈر جائیں	پھر جب	انہوں نے بھلا دیا	اس کو جو	انہیں نصیحت کی گئی تھی

اور اس لیے کہ شاید کہ وہ ڈر جائیں۔ پھر جب انہوں نے بھلا دیا اس نصیحت کو جو انہیں کی گئی تھی

بِهِۦٓ أَنجَيۡنَا ٱلَّذِينَ يَنۡهَوۡنَ عَنِ ٱلسُّوٓءِ وَأَخَذۡنَا

بِهِۦٓ	أَنجَيۡنَا	ٱلَّذِينَ	يَنۡهَوۡنَ	عَنِ ٱلسُّوٓءِ	وَأَخَذۡنَا
اس کی	توہم نے نجات دی	ان لوگوں کو جو	روکتے تھے	بُرے کام سے	اور ہم نے پکڑ لیا
توہم نے نجات دی ان لوگوں کو جو بُرے کام سے روکتے تھے					

ٱلَّذِينَ ظَلَمُواْ بِعَذَابِۭ بَـِٔيسِۭ بِمَا كَانُواْ يَفۡسُقُونَ ١٦٥

ٱلَّذِينَ	ظَلَمُواْ	بِعَذَابِۭ بَـِٔيسِۭ	بِمَا	كَانُواْ	يَفۡسُقُونَ ١٦٥
ان لوگوں کو جنہوں نے	ظلم کیا	بدترین عذاب کے ساتھ	اس وجہ سے جو	وہ تھے	نافرمانی کرتے
اور ہم نے پکڑ لیا بدترین عذاب کے ساتھ ان لوگوں کو جنہوں نے ظلم کیا ان کی نافرمانی کے سبب۔					

فَلَمَّا عَتَوۡاْ عَن مَّا نُهُواْ عَنۡهُ قُلۡنَا لَهُمۡ

فَلَمَّا	عَتَوۡاْ	عَن مَّا	نُهُواْ	عَنۡهُ	قُلۡنَا لَهُمۡ
پھر جب	انہوں سرکشی کی	اس سے کہ	وہ روکے گئے تھے	اس سے	توہم نے ان سے کہا
پھر جب انہوں سرکشی کی اس سے کہ جس سے وہ روکے گئے تھے توہم نے ان سے کہا					

كُونُواْ قِرَدَةً خَٰسِـِٔينَ ١٦٦ وَإِذۡ تَأَذَّنَ رَبُّكَ

كُونُواْ	قِرَدَةً	خَٰسِـِٔينَ ١٦٦	وَإِذۡ	تَأَذَّنَ	رَبُّكَ
تم ہو جاؤ	بندر	ذلیل	اور یاد کرو جب	بتادیا	آپ کے رب نے
تم ذلیل بندر بن جاؤ۔ اور یاد کرو جب آپ کے رب نے بتادیا					

لَيَبۡعَثَنَّ عَلَيۡهِمۡ إِلَىٰ يَوۡمِ ٱلۡقِيَٰمَةِ مَن يَسُومُهُمۡ سُوٓءَ ٱلۡعَذَابِۗ

لَيَبۡعَثَنَّ	عَلَيۡهِمۡ	إِلَىٰ يَوۡمِ ٱلۡقِيَٰمَةِ	مَن	يَسُومُهُمۡ	سُوٓءَ ٱلۡعَذَابِۗ
کہ یقیناًوہ ضرور بھیجتارہے گا	ان پر	قیامت کے دن تک	ایسے شخص کو جو	انہیں چکھاتارہے گا	بدترین عذاب
کہ اللہ تعالیٰ ضرور ان (یہود) پر قیامت کے دن تک ایسے شخص کو بھیجتارہے گا جو انہیں بدترین عذاب چکھاتارہے گا					

إِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيعُ ٱلۡعِقَابِ وَإِنَّهُۥ لَغَفُورٞ رَّحِيمٞ ﴿١٦٧﴾

إِنَّ	رَبَّكَ	لَسَرِيعُ ٱلۡعِقَابِ	وَإِنَّهُۥ	لَغَفُورٞ	رَّحِيمٞ ﴿١٦٧﴾
بلاشبہ	آپ کارب	یقیناًبہت جلد سزادینے والا ہے	اور بلاشبہ وہ	یقیناًبخشنے والا	رحم کرنے والا ہے
بلاشبہ آپ کارب بہت جلد سزادینے والا ہے اور یقیناًبخشنے والا رحم کرنے والا ہے					

وَقَطَّعۡنَٰهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ أُمَمٗاۖ مِّنۡهُمُ ٱلصَّٰلِحُونَ وَمِنۡهُمۡ

وَقَطَّعۡنَٰهُمۡ	فِي ٱلۡأَرۡضِ	أُمَمٗاۖ	مِّنۡهُمُ	ٱلصَّٰلِحُونَ	وَمِنۡهُمۡ
اور ہم نے انہیں جداجدا کردیا	زمین میں	کئی گروہ بناکر	کچھ ان میں سے	نیک تھے	اور کچھ ان میں سے
اور ہم نے انہیں زمین میں کئی گروہ بناکر جداجدا کردیا کچھ ان میں سے نیک تھے اور کچھ ان میں سے اس کے علاوہ تھے					

دُونَ ذَٰلِكَۖ وَبَلَوۡنَٰهُم بِٱلۡحَسَنَٰتِ وَٱلسَّيِّـَٔاتِ لَعَلَّهُمۡ

دُونَ ذَٰلِكَۖ	وَبَلَوۡنَٰهُم	بِٱلۡحَسَنَٰتِ	وَٱلسَّيِّـَٔاتِ	لَعَلَّهُمۡ
اس کے علاوہ تھے	اور ہم نے انہیں آزمایا	نعمتوں کے ساتھ	اور تکلیفوں (کے ساتھ)	تاکہ وہ
اور ہم نے انہیں نعمتوں اور تکلیفوں کے ساتھ آزمایا				

يَرۡجِعُونَ۝١٦٨ فَخَلَفَ مِنۢ بَعۡدِهِمۡ خَلۡفٞ وَرِثُواْ ٱلۡكِتَٰبَ

يَرۡجِعُونَ۝١٦٨	فَخَلَفَ	مِنۢ بَعۡدِهِمۡ	خَلۡفٞ	وَرِثُواْ	ٱلۡكِتَٰبَ
(اللہ کی طرف) رجوع کریں	پھر جانشین بنے	ان کے بعد	نالائق لوگ	جو وارث بنے	کتاب (تورات) کے

تاکہ وہ اللہ کی طرف رجوع کریں۔ پھر ان کے بعد نالائق لوگ ان کے جانشین بنے جو کتاب (تورات) کے وارث ہوئے

يَأۡخُذُونَ عَرَضَ هَٰذَا ٱلۡأَدۡنَىٰ وَيَقُولُونَ سَيُغۡفَرُ لَنَا وَإِن

يَأۡخُذُونَ	عَرَضَ	هَٰذَا ٱلۡأَدۡنَىٰ	وَيَقُولُونَ	سَيُغۡفَرُ لَنَا	وَإِن
وہ لے لیتے تھے	سامان	اس حقیر دنیا کا	اور وہ کہتے تھے	ہمیں ضرور بخش دیا جائے گا	اور اگر

وہ اس حقیر دنیا کا سامان لے لیتے تھے اور وہ کہتے تھے ہمیں ضرور بخش دیا جائے گا

يَأۡتِهِمۡ عَرَضٞ مِّثۡلُهُۥ يَأۡخُذُوهُۚ أَلَمۡ يُؤۡخَذۡ عَلَيۡهِم

يَأۡتِهِمۡ	عَرَضٞ	مِّثۡلُهُۥ	يَأۡخُذُوهُۚ	أَلَمۡ يُؤۡخَذۡ	عَلَيۡهِم
آئے ان کے پاس (پھر)	سامان	اس جیسا ہی	تو وہ اسے بھی لے لیں	کیا نہیں لیا گیا	ان سے

اور اگر ان کے پاس پھر اس جیسا ہی سامان آئے تو وہ اسے بھی لے لیں

مِّيثَٰقُ ٱلۡكِتَٰبِ أَن لَّا يَقُولُواْ عَلَى ٱللَّهِ إِلَّا ٱلۡحَقَّ

مِّيثَٰقُ	ٱلۡكِتَٰبِ	أَن	لَّا يَقُولُواْ	عَلَى ٱللَّهِ	إِلَّا ٱلۡحَقَّ
پختہ وعدہ	کتاب میں	یہ کہ	وہ نہ کہیں گے	اللہ پر	مگر حق؟

کیا ان سے کتاب میں پختہ وعدہ نہیں لیا گیا یہ کہ وہ نہ کہیں گے اللہ پر مگر حق؟

وَدَرَسُواْ مَا فِيهِۗ وَٱلدَّارُ ٱلۡأٓخِرَةُ خَيۡرٞ لِّلَّذِينَ

لِّلَّذِينَ	خَيۡرٞ	وَٱلدَّارُ ٱلۡأٓخِرَةُ	مَا فِيهِۗ	وَدَرَسُواْ
ان لوگوں کے لیے جو	بہت بہتر ہے	اور آخرت کا گھر	اسے جو کچھ اس میں ہے	حالانکہ انہوں نے پڑھ لیا تھا
حالانکہ انہوں نے پڑھ بھی لیا جو کچھ اس میں ہے اور آخرت کا گھر بہت بہتر ہے ان لوگوں کے لیے جو				

يَتَّقُونَۚ أَفَلَا تَعۡقِلُونَ ١٦٩ وَٱلَّذِينَ يُمَسِّكُونَ بِٱلۡكِتَٰبِ

بِٱلۡكِتَٰبِ	يُمَسِّكُونَ	وَٱلَّذِينَ	أَفَلَا تَعۡقِلُونَ ١٦٩	يَتَّقُونَۚ
کتاب کو	مضبوطی سے پکڑتے ہیں	اور وہ لوگ جو	کیا پھر تم عقل نہیں رکھتے ؟	تقویٰ اختیار کرتے ہیں
تقویٰ اختیار کرتے ہیں کیا پھر تم عقل نہیں رکھتے ؟ اور وہ لوگ جو کتاب کو مضبوطی سے پکڑتے ہیں				

وَأَقَامُواْ ٱلصَّلَوٰةَ إِنَّا لَا نُضِيعُ أَجۡرَ ٱلۡمُصۡلِحِينَ ١٧٠ وَإِذۡ

وَإِذۡ	أَجۡرَ ٱلۡمُصۡلِحِينَ ١٧٠	لَا نُضِيعُ	إِنَّا	ٱلصَّلَوٰةَ	وَأَقَامُواْ
اور جب	اصلاح کرنے والوں کا اجر	نہیں ضائع کرتے	تو یقیناً ہم	نماز	اور انہوں نے قائم کی
اور انہوں نے نماز قائم کی تو یقیناً ہم اصلاح کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔					

نَتَقۡنَا ٱلۡجَبَلَ فَوۡقَهُمۡ كَأَنَّهُۥ ظُلَّةٞ وَظَنُّوٓاْ

وَظَنُّوٓاْ	ظُلَّةٞ	كَأَنَّهُۥ	فَوۡقَهُمۡ	ٱلۡجَبَلَ	نَتَقۡنَا
اور انہوں نے یقین کر لیا تھا	ایک سائبان ہے	گویا کہ وہ	ان کے اوپر	(طور) پہاڑ کو	ہم نے اُٹھایا
اور جب ہم نے ان کے اوپر طور پہاڑ کو اُٹھایا گویا کہ وہ ایک سائبان ہے اور انہوں نے یقین کر لیا تھا					

أَنَّهُۥ وَاقِعٌۢ بِهِمۡ خُذُواْ مَآ ءَاتَيۡنَٰكُم

ءَاتَيۡنَٰكُم	مَآ	خُذُواْ	بِهِمۡ	وَاقِعٌۢ	أَنَّهُۥ
ہم نے تمھیں دی	اس (تورات) کو جو	(ہم نے کہا) پکڑو	ان پر	گرنے ہی والا ہے	کہ یقیناً وہ (پہاڑ)

کہ یقیناً وہ پہاڑ ان پر گرنے ہی والا ہے ہم نے کہا اس تورات کو جو ہم نے تمھیں دی قوت کے ساتھ پکڑو

بِقُوَّةٍ وَٱذۡكُرُواْ مَا فِيهِ لَعَلَّكُمۡ تَتَّقُونَ ١٧١

تَتَّقُونَ ١٧١	لَعَلَّكُمۡ	فِيهِ	مَا	وَٱذۡكُرُواْ	بِقُوَّةٍ
بچ جاؤ	تا کہ تم	اس میں ہے	جو کچھ	اور یاد کرو	قوت کے ساتھ

اور اس میں جو کچھ ہے اسے یاد کرو تا کہ تم غلط روی سے بچ سکو۔

وَإِذۡ أَخَذَ رَبُّكَ مِنۢ بَنِيٓ ءَادَمَ مِن ظُهُورِهِمۡ ذُرِّيَّتَهُمۡ

ذُرِّيَّتَهُمۡ	مِن ظُهُورِهِمۡ	مِنۢ بَنِيٓ ءَادَمَ	رَبُّكَ	أَخَذَ	وَإِذۡ
ان کی اولاد کو	یعنی انکی پشتوں سے	بنی آدمؑ سے	آپؐ رب نے	پکڑا (نکالا)	اور جب

اور یاد کرو جب نکالا آپؐ کے رب نے تمام بنی آدمؑ کی پیٹھوں سے ان کی نسل کو

وَأَشۡهَدَهُمۡ عَلَىٰٓ أَنفُسِهِمۡ أَلَسۡتُ بِرَبِّكُمۡۖ قَالُواْ

قَالُواْ	بِرَبِّكُمۡۖ	لَسۡتُ	أَ	عَلَىٰٓ أَنفُسِهِمۡ	وَأَشۡهَدَهُمۡ
انہوں نے کہا	تمھارا رب؟	میں نہیں ہوں	(اور پوچھا) کیا	ان کی جانوں پر	اور اس نے انہیں گواہ بنایا

اور ان کو گواہ بنایا خود ان کے اوپر '(اور سوال کیا) کیا میں تمھارا رب نہیں ہوں انہوں نے کہا

بَلَىٰ شَهِدۡنَآۚ أَن تَقُولُواْ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ إِنَّا كُنَّا

بَلَىٰ	شَهِدۡنَآۚ	أَن تَقُولُواْ	يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ	إِنَّا	كُنَّا
کیوں نہیں	ہم گواہی دیتے ہیں	تا کہ تم (نہ) کہو	قیامت کے دن	بیشک ہم	تو تھے
کیوں نہیں ہم گواہی دیتے ہیں تا کہ تم قیامت کے دن یہ نہ کہو					

عَنۡ هَٰذَا غَٰفِلِينَ ١٧٢ أَوۡ تَقُولُوٓاْ إِنَّمَآ أَشۡرَكَ

عَنۡ هَٰذَا	غَٰفِلِينَ ١٧٢	أَوۡ	تَقُولُوٓاْ	إِنَّمَآ	أَشۡرَكَ
اس بات سے	غافل	یا	تم کہو	بیشک	شرک تو کیا تھا
کہ بیشک ہم تو اس بات سے غافل تھے یا تم کہو کہ شرک تو اس سے پہلے ہمارے باپ دادا نے کیا تھا					

ءَابَآؤُنَا مِن قَبۡلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةٗ مِّنۢ بَعۡدِهِمۡۖ أَفَتُهۡلِكُنَا

ءَابَآؤُنَا	مِن قَبۡلُ	وَكُنَّا	ذُرِّيَّةٗ	مِّنۢ بَعۡدِهِمۡۖ	أَفَتُهۡلِكُنَا
ہمارے باپ دادا نے	اس سے پہلے	اور ہم تو تھے	(ان کی) نسل	ان کے بعد	کیا پھر تو ہمیں ہلاک کرے گا
اور ہم ان کے بعد ان کی نسل سے تھے تو (اے پرودگار)					

بِمَا فَعَلَ ٱلۡمُبۡطِلُونَ ١٧٣ وَكَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ ٱلۡأٓيَٰتِ

بِمَا	فَعَلَ	ٱلۡمُبۡطِلُونَ ١٧٣	وَكَذَٰلِكَ	نُفَصِّلُ	ٱلۡأٓيَٰتِ
اس فعل کی وجہ سے جو	کیا تھا	گمراہ لوگوں نے	اور اسی طرح	ہم کھول کر بیان کرتے ہیں	آیات
کیا پھر تو ہمیں ان گمراہ لوگوں کے فعل کی وجہ سے ہلاک کرے گا اور اسی طرح ہم آیات کھول کر بیان کرتے ہیں					

وَلَعَلَّهُمۡ يَرۡجِعُونَ ۝١٧٤ وَٱتۡلُ عَلَيۡهِمۡ نَبَأَ ٱلَّذِيٓ

وَلَعَلَّهُمۡ	يَرۡجِعُونَ ۝١٧٤	وَٱتۡلُ	عَلَيۡهِمۡ	نَبَأَ	ٱلَّذِيٓ
اور تاکہ وہ	رجوع کریں	اور آپ پڑھیے	ان پر	خبر	اس شخص کی کہ
اور تاکہ وہ رجوع کریں۔ اور ان لوگوں کو اس شخص کا حال پڑھکر سنایئے					

ءَاتَيۡنَٰهُ ءَايَٰتِنَا فَٱنسَلَخَ مِنۡهَا فَأَتۡبَعَهُ ٱلشَّيۡطَٰنُ

ءَاتَيۡنَٰهُ	ءَايَٰتِنَا	فَٱنسَلَخَ	مِنۡهَا	فَأَتۡبَعَهُ	ٱلشَّيۡطَٰنُ
ہم نے اسے دی تھیں	اپنی آیات	پھر وہ نکل گیا	ان سے	تو اس کے پیچھے لگا	شیطان
جس کو ہم نے اپنی آیات دہ تھیں پھر وہ ان سے نکل گیا تو شیطان اس کے پیچھے لگا					

فَكَانَ مِنَ ٱلۡغَاوِينَ ۝١٧٥ وَلَوۡ شِئۡنَا لَرَفَعۡنَٰهُ بِهَا

فَكَانَ	مِنَ ٱلۡغَاوِينَ ۝١٧٥	وَلَوۡ	شِئۡنَا	لَرَفَعۡنَٰهُ	بِهَا
تو وہ ہو گیا	گمراہوں میں سے	اور اگر	ہم چاہتے	تو ضرور بلند کرتے اس کو	ان (آیات) کی وجہ سے
تو وہ گمراہوں میں سے ہو گیا اور اگر ہم چاہتے تو ان (آیات) کی وجہ سے اس کو ضرور بلند کرتے					

وَلَٰكِنَّهُۥٓ أَخۡلَدَ إِلَى ٱلۡأَرۡضِ وَٱتَّبَعَ هَوَىٰهُۚ فَمَثَلُهُۥ

وَلَٰكِنَّهُۥٓ	أَخۡلَدَ	إِلَى ٱلۡأَرۡضِ	وَٱتَّبَعَ	هَوَىٰهُۚ	فَمَثَلُهُۥ
اور لیکن وہ	جھک پڑا	زمین کی طرف	اور وہ پیچھے لگ گیا	اپنی خواہش کے	پھر اسکی مثال
لیکن وہ دنیا کی طرف مائل ہو گیا اور وہ اپنی خواہش کے پیچھے لگ گیا					

كَمَثَلِ ٱلۡكَلۡبِ إِن تَحۡمِلۡ عَلَيۡهِ يَلۡهَثۡ أَوۡ تَتۡرُكۡهُ

أَوۡ تَتۡرُكۡهُ	يَلۡهَثۡ	عَلَيۡهِ	تَحۡمِلۡ	إِن	كَمَثَلِ ٱلۡكَلۡبِ
یاتو اسے چھوڑ دے	تو بھی ہانپتا ہے	اس پر	تو حملہ کر دے	کہ اگر	اس کتے کی مثال جیسی ہے

پھر اسکی مثال اس کتے کی مثال جیسی ہے کہ اگر تو اس پر حملہ کر دے تو بھی ہانپتا ہے یاتو اسے چھوڑ دے

يَلۡهَثۚ ذَّٰلِكَ مَثَلُ ٱلۡقَوۡمِ ٱلَّذِينَ كَذَّبُواْ

كَذَّبُواْ	ٱلَّذِينَ	ٱلۡقَوۡمِ	مَثَلُ	ذَّٰلِكَ	يَلۡهَثۚ
جھٹلایا	جنہوں نے	ان لوگوں کی	مثال ہے	یہی	(تو بھی) وہ ہانپتا ہے

(تو بھی) وہ ہانپتا ہے یہی مثال ہے ان لوگوں کی جنہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا

بِـَٔايَٰتِنَاۚ فَٱقۡصُصِ ٱلۡقَصَصَ لَعَلَّهُمۡ يَتَفَكَّرُونَ ١٧٦ سَآءَ

سَآءَ	يَتَفَكَّرُونَ ١٧٦	لَعَلَّهُمۡ	ٱلۡقَصَصَ	فَٱقۡصُصِ	بِـَٔايَٰتِنَاۚ
بُرے ہیں	غور و فکر کریں	تاکہ وہ	یہی واقعات	لہذا آپ بیان کریں	ہماری آیات کو

لہذا آپ یہی واقعات بیان کریں تاکہ وہ غور و فکر کریں

مَثَلًا ٱلۡقَوۡمُ ٱلَّذِينَ كَذَّبُواْ بِـَٔايَٰتِنَا وَأَنفُسَهُمۡ

وَأَنفُسَهُمۡ	بِـَٔايَٰتِنَا	كَذَّبُواْ	ٱلَّذِينَ	ٱلۡقَوۡمُ	مَثَلًا
اور اپنی جانوں پر	ہماری آیات کو	جھٹلایا	جنہوں نے	وہ لوگ	بطور مثال

ان لوگوں کی مثال بھی بُری ہے جنہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا اور وہ اپنے آپ ہی پر ظلم کیا کرتے تھے

كَانُواْ يَظۡلِمُونَ﴿١٧٧﴾ مَن يَهۡدِ ٱللَّهُ فَهُوَ ٱلۡمُهۡتَدِيۖ وَمَن

كَانُواْ يَظۡلِمُونَ﴿١٧٧﴾	مَن	يَهۡدِ ٱللَّهُ	فَهُوَ	ٱلۡمُهۡتَدِيۖ	وَمَن
وہ ظلم کیا کرتے تھے	جسے	اللہ ہدایت دے	تو وہی ہے	ہدایت پانے والا	اور جسے

جسے اللہ ہدایت دے تو وہی ہدایت پانے والا ہے

يُضۡلِلۡ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡخَٰسِرُونَ﴿١٧٨﴾ وَلَقَدۡ ذَرَأۡنَا لِجَهَنَّمَ

يُضۡلِلۡ	فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ	ٱلۡخَٰسِرُونَ﴿١٧٨﴾	وَلَقَدۡ	ذَرَأۡنَا	لِجَهَنَّمَ
وہ (اللہ) گمراہ کر دے	تو وہی لوگ ہیں	خسارہ پانے والے	اور یقیناً	ہم نے پیدا کیے	جہنم کے لیے

اور جسے اللہ گمراہ کر دے تو وہی خسارہ پانے والے لوگ ہیں۔ اور یقیناً ہم نے ایسے بہت سے انسان اور جن دوزخ

كَثِيرٗا مِّنَ ٱلۡجِنِّ وَٱلۡإِنسِۖ لَهُمۡ قُلُوبٞ لَّا يَفۡقَهُونَ

كَثِيرٗا	مِّنَ ٱلۡجِنِّ	وَٱلۡإِنسِۖ	لَهُمۡ	قُلُوبٞ	لَّا يَفۡقَهُونَ
بہت سے	جن	اور انسان	ان کے	دل ہیں	(لیکن) وہ سمجھتے نہیں

کے لیے پیدا کیے ہیں جن کے دل ایسے ہیں جن سے وہ نہیں سمجھتے

بِهَا وَلَهُمۡ أَعۡيُنٞ لَّا يُبۡصِرُونَ بِهَا وَلَهُمۡ

بِهَا	وَلَهُمۡ	أَعۡيُنٞ	لَّا يُبۡصِرُونَ	بِهَا	وَلَهُمۡ
ان کے ساتھ (حق)	اور ان کی	آنکھیں ہیں	(لیکن) وہ دیکھتے نہیں	ان کے ساتھ	اور ان کے

اور جن کی آنکھیں ایسی ہیں جن سے وہ دیکھتے نہیں ہیں

ءَاذَانٌ لَّا يَسۡمَعُونَ بِهَاۚ أُوْلَٰٓئِكَ كَٱلۡأَنۡعَٰمِ بَلۡ

ءَاذَانٌ	لَّا يَسۡمَعُونَ	بِهَاۚ	أُوْلَٰٓئِكَ	كَٱلۡأَنۡعَٰمِ	بَلۡ
کان ہیں	(لیکن) وہ سنتے نہیں	ان کے ساتھ (حق)	یہی لوگ ہیں	چوپایوں جیسے	بلکہ

جن کے کان ایسے ہیں جن سے وہ سنتے نہیں ہیں یہ لوگ چوپایوں کی طرح ہیں

هُمۡ أَضَلُّۚ أُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡغَٰفِلُونَ ١٧٩ وَلِلَّهِ ٱلۡأَسۡمَآءُ

هُمۡ	أَضَلُّۚ	أُوْلَٰٓئِكَ هُمُ	ٱلۡغَٰفِلُونَ ١٧٩	وَلِلَّهِ	ٱلۡأَسۡمَآءُ
وہ	(ان سے بھی) زیادہ گمراہ ہیں	یہی لوگ ہیں	غافل	اور اللہ ہی کے لیے ہیں	نام

بلکہ وہ (ان سے بھی) زیادہ گمراہ ہیں یہی غافل لوگ ہیں۔ اور اچھے نام اللہ ہی کے لیے ہیں

ٱلۡحُسۡنَىٰ فَٱدۡعُوهُ بِهَاۖ وَذَرُواْ ٱلَّذِينَ يُلۡحِدُونَ

ٱلۡحُسۡنَىٰ	فَٱدۡعُوهُ	بِهَاۖ	وَذَرُواْ	ٱلَّذِينَ	يُلۡحِدُونَ
سب سے اچھے	لہذا تم اسے پکارو	ان (ناموں) کے ساتھ	اور چھوڑ دو	ان لوگوں کو جو	ٹیڑھا پن اختیار کرتے ہیں

لہذا تم ان ناموں کے ساتھ اللہ کو پکارو اور چھوڑ دو ان لوگوں کو جو اس کے ناموں میں ٹیڑھا پن اختیار کرتے ہیں

فِيٓ أَسۡمَٰٓئِهِۦۚ سَيُجۡزَوۡنَ مَا كَانُواْ يَعۡمَلُونَ ١٨٠ وَمِمَّنۡ

فِيٓ أَسۡمَٰٓئِهِۦۚ	سَيُجۡزَوۡنَ	مَا	كَانُواْ يَعۡمَلُونَ ١٨٠	وَمِمَّنۡ
اس کے ناموں میں	جلد ہی انہیں بدلہ دیا جائے گا	اس کا جو	وہ عمل کیا کرتے تھے	اور ان لوگوں میں سے جنہیں

جلد ہی انہیں ان کے کاموں کی سزا ملے گی۔ اور ہماری مخلوق میں سے ایک جماعت ایسی بھی ہے

خَلَقۡنَآ أُمَّةٌ يَهۡدُونَ بِٱلۡحَقِّ وَبِهِۦ يَعۡدِلُونَ﴿١٨١﴾

يَعۡدِلُونَ﴿١٨١﴾	وَبِهِۦ	بِٱلۡحَقِّ	يَهۡدُونَ	أُمَّةٌ	خَلَقۡنَآ
وہ عدل کرتے ہیں	اور اسی کے ساتھ	حق کے ساتھ	جو رہنمائی کرتے ہیں	ایک گروہ ہے	ہم نے پیدا کیا
جو حق کے ساتھ رہنمائی کرتے ہیں اور اسی کے ساتھ وہ عدل کرتے ہیں					

وَٱلَّذِينَ كَذَّبُواْ بِـَٔايَٰتِنَا سَنَسۡتَدۡرِجُهُم مِّنۡ حَيۡثُ

مِّنۡ حَيۡثُ	سَنَسۡتَدۡرِجُهُم	بِـَٔايَٰتِنَا	كَذَّبُواْ	وَٱلَّذِينَ
جہاں سے	عنقریب ہم انہیں آہستہ آہستہ پکڑیں گے	ہماری آیتوں کو	جھٹلایا	اور وہ لوگ جنہوں نے
اور وہ لوگ جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا عنقریب ہم انہیں آہستہ آہستہ پکڑیں گے				

لَا يَعۡلَمُونَ﴿١٨٢﴾ وَأُمۡلِي لَهُمۡۚ إِنَّ كَيۡدِي مَتِينٌ﴿١٨٣﴾

مَتِينٌ﴿١٨٣﴾	كَيۡدِي	إِنَّ	لَهُمۡۚ	وَأُمۡلِي	لَا يَعۡلَمُونَ﴿١٨٢﴾
انتہائی مضبوط ہے	میری خفیہ تدبیر	بیشک	انہیں	اور میں مہلت دیتا ہوں	انہیں علم بھی نہیں ہو گا
جہاں سے انہیں علم بھی نہیں ہو گا اور میں انہیں مہلت دیتا ہوں بیشک میری خفیہ تدبیر انتہائی مضبوط ہے					

أَوَلَمۡ يَتَفَكَّرُواْۗ مَا بِصَاحِبِهِم مِّن جِنَّةٍۚ إِنۡ هُوَ إِلَّا

إِلَّا	هُوَ	إِنۡ	مِّن جِنَّةٍۚ	مَا بِصَاحِبِهِم	أَوَلَمۡ يَتَفَكَّرُواْۗ
مگر	وہ	نہیں ہے	کوئی جنون ؟	کہ نہیں ہے ان کے ساتھی (پیغمبر) کو	کیا انہوں نے غور نہیں کیا
کیا انہوں نے غور نہیں کیا کہ ان کے ساتھی (پیغمبر) کو کوئی جنون نہیں ہے					

نَذِيرٞ مُّبِينٌ ١٨٤ أَوَلَمۡ يَنظُرُواْ فِي مَلَكُوتِ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ

نَذِيرٞ	مُّبِينٌ ١٨٤	أَوَ	لَمۡ يَنظُرُواْ	فِي مَلَكُوتِ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ
ڈرانے والا	ظاہر	اور کیا	انہوں نے نہیں دیکھا	آسمانوں اور زمین کی عظیم بادشاہی میں

وہ تو صرف صاف صاف ڈرانے والا ہے۔ اور کیا انہوں نے آسمانوں اور زمین کی عظیم بادشاہی

وَمَا خَلَقَ ٱللَّهُ مِن شَيۡءٖ وَأَنۡ عَسَىٰٓ أَن يَكُونَ قَدِ ٱقۡتَرَبَ

وَمَا	خَلَقَ ٱللَّهُ	مِن شَيۡءٖ	وَأَنۡ	عَسَىٰٓ	أَن يَكُونَ قَدِ ٱقۡتَرَبَ
اور اس میں جو بھی	اللہ نے پیدا کی	کوئی چیز	اور یہ کہ	شاید	کہ قریب آچکی ہو

اور اللہ کی پیدا کی ہوئی کسی چیز پر نظر نہیں کی اور نہ اس بات پر غور کیا کہ شاید ان کی موت کا وقت قریب ہو

أَجَلُهُمۡۖ فَبِأَيِّ حَدِيثِۭ بَعۡدَهُۥ يُؤۡمِنُونَ ١٨٥ مَن يُضۡلِلِ ٱللَّهُ

أَجَلُهُمۡۖ	فَبِأَيِّ حَدِيثِۭ	بَعۡدَهُۥ	يُؤۡمِنُونَ ١٨٥	مَن	يُضۡلِلِ ٱللَّهُ
ان کی مقررہ مدت	پھر کس بات پر	اس (قرآن) کے بعد	وہ ایمان لائیں گے	جسے	اللہ گمراہ کردے

پھر قرآن کے بعد وہ اور کس بات پر ایمان لائیں گے۔ جسے اللہ گمراہ کردے تو اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں

فَلَا هَادِيَ لَهُۥۚ وَيَذَرُهُمۡ فِي طُغۡيَٰنِهِمۡ يَعۡمَهُونَ ١٨٦

فَلَا هَادِيَ لَهُۥۚ	وَيَذَرُهُمۡ	فِي طُغۡيَٰنِهِمۡ	يَعۡمَهُونَ ١٨٦
تو اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں	اور وہ انہیں چھوڑ دیتا ہے	ان کی سرکشی میں	وہ اس میں بھٹکتے پھرتے ہیں

اور اللہ انہیں ان کی سرکشی میں بھٹکتے ہوئے چھوڑ دیتا ہے

يَسۡـَٔلُونَكَ عَنِ ٱلسَّاعَةِ أَيَّانَ مُرۡسَىٰهَاۖ قُلۡ إِنَّمَا عِلۡمُهَا

إِنَّمَا عِلۡمُهَا	قُلۡ	مُرۡسَىٰهَاۖ	أَيَّانَ	عَنِ ٱلسَّاعَةِ	يَسۡـَٔلُونَكَ
اس کا علم	کہہ دیجیے	آئے گی	کہ کب	قیامت کے بارے میں	وہ آپ سے سوال کرتے ہیں
وہ آپ سے قیامت کے بارے میں سوال کرتے ہیں کہ کب آئے گی کہہ دیجیے					

عِندَ رَبِّيۖ لَا يُجَلِّيهَا لِوَقۡتِهَآ إِلَّا هُوَۚ ثَقُلَتۡ

ثَقُلَتۡ	إِلَّا هُوَۚ	لِوَقۡتِهَآ	لَا يُجَلِّيهَا	عِندَ رَبِّيۖ
وہ بھاری (حادثہ) ہوگا	مگر وہی	اس کے وقت پر	اسے ظاہر نہیں کرے گا	میرے رب کے پاس ہے
اس کا علم میرے رب کے پاس ہے وہ اللہ اسے اس کے وقت پر ہی ظاہر کرے گا				

فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۚ لَا تَأۡتِيكُمۡ إِلَّا بَغۡتَةٗۗ يَسۡـَٔلُونَكَ كَأَنَّكَ

كَأَنَّكَ	يَسۡـَٔلُونَكَ	إِلَّا بَغۡتَةٗۗ	لَا تَأۡتِيكُمۡ	فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۚ
گویا کہ آپ	وہ لوگ آپ سے سوال کرتے ہیں	مگر اچانک ہی	وہ نہیں آئے گی تم پر	آسمانوں اور زمین میں
وہ آسمانوں اور زمین میں بڑا بھاری حادثہ ہوگا وہ تم پر اچانک آئے گی وہ لوگ آپؐ سے قیامت کے بارے میں سوال کرتے ہیں				

حَفِيٌّ عَنۡهَاۖ قُلۡ إِنَّمَا عِلۡمُهَا عِندَ ٱللَّهِ وَلَٰكِنَّ أَكۡثَرَ

أَكۡثَرَ	وَلَٰكِنَّ	عِندَ ٱللَّهِ	إِنَّمَا عِلۡمُهَا	قُلۡ	حَفِيٌّ عَنۡهَاۖ
اکثر	اور لیکن	اللہ کے پاس ہے	اس کا تو علم بس	کہہ دیجیے	پوری تحقیق کر چکے ہیں اس کی
گویا کہ آپ ﷺ اس کی پوری تحقیق کر چکے ہیں کہہ دیجیے اس کا تو علم بس اللہ کے پاس ہے					

ٱلنَّاسِ لَا يَعۡلَمُونَ﴿١٨٧﴾ قُل لَّآ أَمۡلِكُ لِنَفۡسِي نَفۡعًا

ٱلنَّاسِ	لَا يَعۡلَمُونَ﴿١٨٧﴾	قُل	لَّآ أَمۡلِكُ	لِنَفۡسِي	نَفۡعًا
لوگ	نہیں جانتے	کہہ دیجیے	میں اختیار نہیں رکھتا	اپنی جان کے لیے	کسی نفع کا
لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں۔ کہہ دیجیے کہ میں اپنی جان کے لیے کسی نفع اور نقصان کا اختیار نہیں رکھتا					

وَلَا ضَرًّا إِلَّا مَا شَآءَ ٱللَّهُۚ وَلَوۡ كُنتُ

وَلَا ضَرًّا	إِلَّا	مَا	شَآءَ ٱللَّهُۚ	وَلَوۡ	كُنتُ
اور نہ کسی نقصان کا	مگر	جو	اللہ چاہے	اور اگر	میں ہوتا
مگر جو اللہ چاہے اور اگر میں غیب جانتا تو میں ضرور بہت سی بھلائیاں حاصل کرلیتا					

أَعۡلَمُ ٱلۡغَيۡبَ لَٱسۡتَكۡثَرۡتُ مِنَ ٱلۡخَيۡرِ وَمَا مَسَّنِيَ ٱلسُّوٓءُۚ إِنۡ أَنَا۠

أَعۡلَمُ ٱلۡغَيۡبَ	لَٱسۡتَكۡثَرۡتُ	مِنَ ٱلۡخَيۡرِ	وَمَا مَسَّنِيَ	ٱلسُّوٓءُۚ	إِنۡ أَنَا۠
غیب جانتا	تو میں ضرور حاصل کرلیتا بہت سی	بھلائیاں	اور مجھے نہ پہنچتی	کوئی تکلیف	میں نہیں ہوں
اور مجھے کوئی تکلیف نہ پہنچتی،					

إِلَّا نَذِيرٞ وَبَشِيرٞ لِّقَوۡمٖ يُؤۡمِنُونَ﴿١٨٨﴾ هُوَ

إِلَّا	نَذِيرٞ	وَبَشِيرٞ	لِّقَوۡمٖ	يُؤۡمِنُونَ﴿١٨٨﴾	هُوَ
مگر	ڈرانے والا (کافروں کو)	اور خوشخبری دینے والا	ان لوگوں کو جو	ایمان لاتے ہیں	وہی ہے (اللہ)
میں تو صرف کافروں کو ڈرانے والا اور ایمان والوں کو خوشخبری دینے والا ہوں					

ٱلَّذِى خَلَقَكُم مِّن نَّفۡسٍ وَٰحِدَةٍ وَجَعَلَ مِنۡهَا زَوۡجَهَا

ٱلَّذِى	خَلَقَكُم	مِّن نَّفۡسٍ وَٰحِدَةٍ	وَجَعَلَ	مِنۡهَا	زَوۡجَهَا
جس نے	تمھیں پیدا کیا	ایک جان سے	اور بنایا	اس سے	اس کا جوڑا
وہی ہے اللہ جس نے تمھیں ایک جان سے پیدا کیا اور اس سے اس کا جوڑا بنایا					

لِيَسۡكُنَ إِلَيۡهَا ۖ فَلَمَّا تَغَشَّىٰهَا حَمَلَتۡ حَمۡلًا

لِيَسۡكُنَ	إِلَيۡهَا ۖ	فَلَمَّا	تَغَشَّىٰهَا	حَمَلَتۡ	حَمۡلًا
تاکہ وہ سکون حاصل کرے	اس سے	پھر جب	اس نے صحبت کی اس بیوی سے	تو اس نے اُٹھایا	حمل
تاکہ وہ اس سے سکون حاصل کرے پھر جب اس نے اس بیوی سے صحبت کی تو اس کو ہلکا سا حمل ٹھہر گیا					

خَفِيفًا فَمَرَّتۡ بِهِۦ ۖ فَلَمَّآ أَثۡقَلَت دَّعَوَا

خَفِيفًا	فَمَرَّتۡ بِهِۦ ۖ	فَلَمَّآ	أَثۡقَلَت	دَّعَوَا
ہلکا سا	پھر وہ اس کو لیے پھرتی ہے	پھر جب	وہ بوجھل ہو گئی	تو ان دونوں نے دعا کی
پھر وہ اس کو لیے پھرتی ہے پھر جب وہ بوجھل ہو گئی تو ان دونوں نے اللہ سے جو ان دونوں کا رب ہے دعا کی				

ٱللَّهَ رَبَّهُمَا لَئِنۡ ءَاتَيۡتَنَا صَٰلِحًا لَّنَكُونَنَّ مِنَ ٱلشَّٰكِرِينَ ﴿١٨٩﴾

ٱللَّهَ رَبَّهُمَا	لَئِنۡ	ءَاتَيۡتَنَا	صَٰلِحًا	لَّنَكُونَنَّ	مِنَ ٱلشَّٰكِرِينَ ﴿١٨٩﴾
اللہ سے جو ان دونوں کا رب ہے	کہ اگر	تو نے ہمیں دیا	تندرست بچہ	تو یقیناً ہم ضرور ہونگے	شکر گزاروں میں سے
کہ اگر تو نے ہمیں تندرست بچہ دیا تو یقیناً ہم ضرور شکر گزاروں میں سے ہونگے					

فَلَمَّآ ءَاتَىٰهُمَا صَٰلِحٗا جَعَلَا لَهُۥ شُرَكَآءَ

فَلَمَّآ	ءَاتَىٰهُمَا	صَٰلِحٗا	جَعَلَا	لَهُۥ	شُرَكَآءَ
پھر جب	اس (اللہ) نے انہیں دیا	تندرست (بچہ)	تو ان دونوں نے بنا لیے	اس (اللہ) کے	شریک

پھر جب اللہ نے انہیں تندرست بچہ دیا تو بنا لیے انہوں نے اس کے شریک

فِيمَآ ءَاتَىٰهُمَاۚ فَتَعَٰلَى ٱللَّهُ عَمَّا يُشۡرِكُونَ ١٩٠ أَيُشۡرِكُونَ

فِيمَآ	ءَاتَىٰهُمَاۚ	فَتَعَٰلَى ٱللَّهُ	عَمَّا	يُشۡرِكُونَ ١٩٠	أَيُشۡرِكُونَ
اس میں جو	اس نے انہیں دیا تھا	پس بہت بلند ہے اللہ	اس سے جو	وہ شرک کرتے ہیں	کیا وہ شریک ٹھہراتے ہیں

اس میں جو اللہ نے انہیں دیا تھا۔ پس اللہ بہت بلند و بالا ہے ان کے اس شرک سے۔ کیا وہ شریک ٹھہراتے ہیں

مَا لَا يَخۡلُقُ شَيۡـٔٗا وَهُمۡ يُخۡلَقُونَ ١٩١ وَلَا يَسۡتَطِيعُونَ

مَا	لَا يَخۡلُقُ	شَيۡـٔٗا	وَهُمۡ	يُخۡلَقُونَ ١٩١	وَلَا يَسۡتَطِيعُونَ
ان کو جو	پیدا نہیں کر سکتے	کوئی چیز بھی	حالانکہ وہ (خود)	پیدا کیے جاتے ہیں؟	اور وہ نہیں طاقت نہیں رکھتے

(اللہ کے ساتھ) ان کو جو کوئی چیز بھی پیدا نہیں کر سکتے حالانکہ وہ (خود) پیدا کیے جاتے ہیں؟

لَهُمۡ نَصۡرٗا وَلَآ أَنفُسَهُمۡ يَنصُرُونَ ١٩٢ وَإِن تَدۡعُوهُمۡ

لَهُمۡ	نَصۡرٗا	وَلَآ أَنفُسَهُمۡ	يَنصُرُونَ ١٩٢	وَإِن	تَدۡعُوهُمۡ
ان (مشرکین) کی	مدد کرنے کی	اور نہ اپنی ہی	وہ مدد کر سکتے ہیں	اور اگر	تم انہیں بلاؤ

اور وہ ان (مشرکین) کی مدد کرنے کی طاقت نہیں رکھتے اور نہ اپنی ہی وہ مدد کر سکتے ہیں۔

إِلَى ٱلۡهُدَىٰ لَا يَتَّبِعُوكُمۡۚ سَوَآءٌ عَلَيۡكُمۡ أَدَعَوۡتُمُوهُمۡ أَمۡ

إِلَى ٱلۡهُدَىٰ	لَا يَتَّبِعُوكُمۡۚ	سَوَآءٌ	عَلَيۡكُمۡ	أَدَعَوۡتُمُوهُمۡ	أَمۡ
ہدایت کی طرف	تووہ تمھاری پیروی نہیں کرینگے	برابر ہے	تم پر	انہیں بلاؤ	یا

اوراگر تم انہیں ہدایت کی طرف بلاؤ تووہ تمھاری پیروی نہیں کرینگے برابر ہے تمھارے لیے انہیں بلاؤیاتم خاموش رہو

أَنتُمۡ صَٰمِتُونَ ١٩٣ إِنَّ ٱلَّذِينَ تَدۡعُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ

أَنتُمۡ	صَٰمِتُونَ ١٩٣	إِنَّ	ٱلَّذِينَ	تَدۡعُونَ	مِن دُونِ ٱللَّهِ
تم	خاموش رہو	بیشک	وہ لوگ جنہیں	تم پکارتے ہو	اللہ کو چھوڑ کر

یقیناًوہ لوگ جنہیں تم اللہ کو چھوڑ کر پکارتے ہو

عِبَادٌ أَمۡثَالُكُمۡۖ فَٱدۡعُوهُمۡ فَلۡيَسۡتَجِيبُواْ لَكُمۡ إِن

عِبَادٌ	أَمۡثَالُكُمۡۖ	فَٱدۡعُوهُمۡ	فَلۡيَسۡتَجِيبُواْ	لَكُمۡ	إِن
وہ توبندے ہیں	تم جیسے ہی	اب تم انہیں پکارو	پھر چاہیے کہ وہ جواب دیں	تمہیں	اگر

وہ تو تم جیسے ہی بندے ہیں اب تم انہیں پکارو پھر چاہیے کہ وہ تمہیں جواب دیں اگر تم سچے ہو۔

كُنتُمۡ صَٰدِقِينَ ١٩٤ أَلَهُمۡ أَرۡجُلٌ يَمۡشُونَ بِهَآۖ

كُنتُمۡ	صَٰدِقِينَ ١٩٤	أَلَهُمۡ	أَرۡجُلٌ	يَمۡشُونَ	بِهَآۖ
تم ہو	سچے	کیاان کے	پیر ہیں	وہ چلتے ہیں	ان سے ؟

کیاان کے پیر ہیں جن سے وہ چلتے ہیں

أَمۡ لَهُمۡ أَيۡدٖ يَبۡطِشُونَ بِهَآۖ أَمۡ

أَمۡ	بِهَآۖ	يَبۡطِشُونَ	أَيۡدٖ	لَهُمۡ	أَمۡ
یا	ان سے؟	کہ وہ پکڑتے ہیں	ہاتھ ہیں	ان کے	کیا
کیاان کے ہاتھ ہیں کہ جن سے وہ پکڑتے ہیں					

لَهُمۡ أَعۡيُنٞ يُبۡصِرُونَ بِهَآۖ أَمۡ لَهُمۡ

لَهُمۡ	أَمۡ	بِهَآۖ	يُبۡصِرُونَ	أَعۡيُنٞ	لَهُمۡ
ان کے	یا	ان سے؟	وہ دیکھتے ہیں	آنکھیں ہیں	ان کی
کیاان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھتے ہیں یا ان کے کان ہیں جن سے وہ سنتے ہیں					

ءَاذَانٞ يَسۡمَعُونَ بِهَاۗ قُلِ ٱدۡعُواْ شُرَكَآءَكُمۡ

شُرَكَآءَكُمۡ	ٱدۡعُواْ	قُلِ	بِهَاۗ	يَسۡمَعُونَ	ءَاذَانٞ
اپنے شریکوں کو	کہ تم بلاؤ	(اے نبیؐ) کہہ دیجیے	ان سے	وہ سنتے ہیں	کان ہیں
اے نبیؐ صَلَّى ٱللَّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ کہہ دیجیے کہ تم بلاؤ اپنے شریکوں کو					

ثُمَّ كِيدُونِ فَلَا تُنظِرُونِ ١٩٥ إِنَّ وَلِـِّۧيَ ٱللَّهُ ٱلَّذِي

ٱللَّهُ ٱلَّذِي	وَلِـِّۧيَ	إِنَّ	فَلَا تُنظِرُونِ ١٩٥	كِيدُونِ	ثُمَّ
اللہ ہی ہے جس نے	میرا مددگار تو	بیشک	اور تم مجھے مہلت نہ دو	تم میرے خلاف تدبیر کرو	پھر
پھر تم میرے خلاف تدبیر کرو (جو تدبیر کر سکتے ہو) اور تم مجھے مہلت نہ دو۔ بیشک میرا مددگار تو اللہ ہی ہے					

نَزَّلَ ٱلۡكِتَٰبَۖ وَهُوَ يَتَوَلَّى ٱلصَّٰلِحِينَ ١٩٦ وَٱلَّذِينَ

وَٱلَّذِينَ	ٱلصَّٰلِحِينَ ١٩٦	يَتَوَلَّى	وَهُوَ	ٱلۡكِتَٰبَۖ	نَزَّلَ
اور وہ جنہیں	نیک لوگوں کا	دوست ہے	اور وہ	کتاب	اتاری
جس نے کتاب اتاری اور وہ نیک لوگوں کا دوست ہے					

تَدۡعُونَ مِن دُونِهِۦ لَا يَسۡتَطِيعُونَ نَصۡرَكُمۡ وَلَآ أَنفُسَهُمۡ يَنصُرُونَ ١٩٧

يَنصُرُونَ ١٩٧	وَلَآ أَنفُسَهُمۡ	نَصۡرَكُمۡ	لَا يَسۡتَطِيعُونَ	مِن دُونِهِۦ	تَدۡعُونَ
مدد کرسکتے ہیں	اور نہ اپنی	تمھاری مدد کی	وہ طاقت نہیں رکھتے	اس اللہ کے سوا	تم پکارتے ہو
اور وہ جنہیں تم اس اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ تمھاری مدد کرنے کی بھی طاقت نہیں رکھتے اور نہ ہی اپنی مدد کرسکتے ہیں۔					

وَإِن تَدۡعُوهُمۡ إِلَى ٱلۡهُدَىٰ لَا يَسۡمَعُواْۖ وَتَرَىٰهُمۡ يَنظُرُونَ

يَنظُرُونَ	وَتَرَىٰهُمۡ	لَا يَسۡمَعُواْۖ	إِلَى ٱلۡهُدَىٰ	تَدۡعُوهُمۡ	وَإِن
کہ وہ دیکھ رہے ہیں	اور آپ انہیں دیکھتے ہیں	وہ نہیں سنیں گے	ہدایت کی طرف	تم انہیں پکارو	اور اگر
اور اگر تم انہیں ہدایت کی طرف بلاؤ تو وہ نہیں سنیں گے اور آپ انہیں دیکھتے ہیں کہ وہ آپ کی طرف دیکھ رہے ہیں					

إِلَيۡكَ وَهُمۡ لَا يُبۡصِرُونَ ١٩٨ خُذِ ٱلۡعَفۡوَ وَأۡمُرۡ

وَأۡمُرۡ	ٱلۡعَفۡوَ	خُذِ	لَا يُبۡصِرُونَ ١٩٨	وَهُمۡ	إِلَيۡكَ
اور حکم دیں	درگزر کرنے کو	اختیار کیجیے	نہیں دیکھتے	حالانکہ وہ	آپ کی طرف
حالانکہ وہ نہیں دیکھتے۔ اور (اے نبی ﷺ) آپؐ درگزر کو اختیار کیجیے اور نیک کام کا حکم دیں					

بِٱلۡعُرۡفِ وَأَعۡرِضۡ عَنِ ٱلۡجَٰهِلِينَ۝١٩٩ وَإِمَّا يَنزَغَنَّكَ مِنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ

مِنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ	يَنزَغَنَّكَ	وَإِمَّا	عَنِ ٱلۡجَٰهِلِينَ۝١٩٩	وَأَعۡرِضۡ	بِٱلۡعُرۡفِ
شیطان کی طرف سے	آپ کو ابھارے	اور اگر کبھی	جاہلوں سے	اور منہ پھیر لیں	نیک کام کا

اور جاہلوں سے منہ پھیر لیں۔ اور اگر آپ کو شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ آنے لگے

نَزۡغٌ فَٱسۡتَعِذۡ بِٱللَّهِۚ إِنَّهُۥ سَمِيعٌ عَلِيمٌ۝٢٠٠

عَلِيمٌ۝٢٠٠	سَمِيعٌ	إِنَّهُۥ	بِٱللَّهِۚ	فَٱسۡتَعِذۡ	نَزۡغٌ
جاننے والا ہے	سننے والا	بیشک اللہ	اللہ کی	تو پناہ مانگیں	کوئی وسوسہ

تو اللہ کی پناہ مانگیں بیشک اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔

إِنَّ ٱلَّذِينَ ٱتَّقَوۡاْ إِذَا مَسَّهُمۡ طَٰٓئِفٌ

طَٰٓئِفٌ	مَسَّهُمۡ	إِذَا	ٱتَّقَوۡاْ	ٱلَّذِينَ	إِنَّ
کوئی وسوسہ	انہیں پہنچتا ہے	جب	تقویٰ اختیار کیا	جنہوں نے	بیشک وہ لوگ

بیشک وہ لوگ جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا جب انہیں شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ پہنچتا ہے

مِّنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ تَذَكَّرُواْ فَإِذَا هُم مُّبۡصِرُونَ۝٢٠١

مُّبۡصِرُونَ۝٢٠١	هُم	فَإِذَا	تَذَكَّرُواْ	مِّنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ
سوجھ بوجھ والے ہو جاتے ہیں	وہ	پھر اچانک	تو یاد کر لیتے ہیں (اللہ کا عذاب)	شیطان کی طرف سے

تو اللہ کا عذاب یاد کر لیتے ہیں پھر اچانک وہ سوجھ بوجھ والے ہو جاتے ہیں۔

وَإِخۡوَٰنُهُمۡ يَمُدُّونَهُمۡ فِي ٱلۡغَيِّ ثُمَّ لَا يُقۡصِرُونَ۝٢٠٢ وَإِذَا

وَإِذَا	لَا يُقۡصِرُونَ۝٢٠٢	ثُمَّ	فِي ٱلۡغَيِّ	يَمُدُّونَهُمۡ	وَإِخۡوَٰنُهُمۡ
اور جب	وہ کمی نہیں کرتے	پھر	گمراہی میں	انہیں کھینچتے ہیں	اور ان (شیطانوں) کے بھائی

اور شیطانوں کے بھائی انہیں گمراہی کی طرف کھینچتے ہیں پھر وہ اس میں کسی قسم کی کمی نہیں کرتے۔

لَمۡ تَأۡتِهِم بِـَٔايَةٖ قَالُواْ لَوۡلَا ٱجۡتَبَيۡتَهَاۚ قُلۡ

قُلۡ	ٱجۡتَبَيۡتَهَاۚ	لَوۡلَا	قَالُواْ	بِـَٔايَةٖ	لَمۡ تَأۡتِهِم
کہہ دیجیے	تو خود اسے بنالایا	کیوں نہیں	تو کہتے ہیں	کوئی نشانی	آپ ان کے پاس نہیں لاتے

اور جب آپ ﷺ ان کے پاس کوئی نشانی نہیں لاتے تو کہتے ہیں کہ تم خود اپنی طرف سے کیوں نہیں بنالاتے؟

إِنَّمَآ أَتَّبِعُ مَا يُوحَىٰٓ إِلَيَّ مِن رَّبِّيۚ هَٰذَا

هَٰذَا	مِن رَّبِّيۚ	إِلَيَّ	يُوحَىٰٓ	مَا	إِنَّمَآ أَتَّبِعُ
یہ	میرے رب کی طرف سے	میری طرف	وحی کی جاتی ہے	اس کی جو	بس میں تو پیروی کرتا ہوں

کہہ دیجیے بس میں تو اس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو میری طرف میرے رب کی طرف سے کی جاتی ہے

بَصَآئِرُ مِن رَّبِّكُمۡ وَهُدٗى وَرَحۡمَةٞ لِّقَوۡمٖ يُؤۡمِنُونَ۝٢٠٣

يُؤۡمِنُونَ۝٢٠٣	لِّقَوۡمٖ	وَرَحۡمَةٞ	وَهُدٗى	مِن رَّبِّكُمۡ	بَصَآئِرُ
ایمان لاتے ہیں	ان لوگوں کے لیے جو	اور رحمت ہے	اور ہدایت	تمھارے رب کی طرف سے	روشن دلائل ہیں

یہ تمھارے رب کی طرف سے روشن دلائل ہیں اور ہدایت اور رحمت ہے ان لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں۔

وَإِذَا قُرِئَ ٱلۡقُرۡءَانُ فَٱسۡتَمِعُواْ لَهُۥ وَأَنصِتُواْ لَعَلَّكُمۡ

وَإِذَا	قُرِئَ	ٱلۡقُرۡءَانُ	فَٱسۡتَمِعُواْ لَهُۥ	وَأَنصِتُواْ	لَعَلَّكُمۡ
اور جب	پڑھا جائے	قرآن	تو اس کو غور سے کان لگا کر سنو	اور خاموش رہو	تا کہ تم پر

اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے پوری توجہ کے ساتھ سنو اور خاموش رہو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔

تُرۡحَمُونَ۝٢٠٤ وَٱذۡكُر رَّبَّكَ فِي نَفۡسِكَ تَضَرُّعٗا وَخِيفَةٗ

تُرۡحَمُونَ۝٢٠٤	وَٱذۡكُر	رَّبَّكَ	فِي نَفۡسِكَ	تَضَرُّعٗا	وَخِيفَةٗ
رحم کیا جائے	اور یاد کیجیے	اپنے رب کو	اپنے دل میں	عاجزی سے	اور ڈرتے ہوئے

اور اپنے رب کو یاد کرتے رہا کرو اپنے دل ہی دل میں 'عاجزی اور خوف کے ساتھ

وَدُونَ ٱلۡجَهۡرِ مِنَ ٱلۡقَوۡلِ بِٱلۡغُدُوِّ وَٱلۡأٓصَالِ وَلَا تَكُن مِّنَ ٱلۡغَٰفِلِينَ۝٢٠٥ إِنَّ

وَدُونَ ٱلۡجَهۡرِ مِنَ ٱلۡقَوۡلِ	بِٱلۡغُدُوِّ	وَٱلۡأٓصَالِ	وَلَا تَكُن	مِّنَ ٱلۡغَٰفِلِينَ۝٢٠٥	إِنَّ
اور بلند آواز کے بغیر	صبح	اور شام	اور آپ نہ ہوں	غافلوں میں سے	بیشک

اور بلند آواز سے نہیں (پست آواز سے) (اور اس طرح آپ اپنے رب کا ذکر کرتے رہیں) صبح کے وقت بھی

ٱلَّذِينَ عِندَ رَبِّكَ لَا يَسۡتَكۡبِرُونَ عَنۡ عِبَادَتِهِۦ وَيُسَبِّحُونَهُۥ

ٱلَّذِينَ	عِندَ رَبِّكَ	لَا يَسۡتَكۡبِرُونَ	عَنۡ عِبَادَتِهِۦ	وَيُسَبِّحُونَهُۥ
وہ (فرشتے) جو	آپ کے رب کے پاس ہیں	وہ تکبر نہیں کرتے	اس کی عبادت سے	اور وہ اس کی تسبیح کرتے ہیں

اور شام کے اوقات میں بھی اور آپ غافلوں میں سے نہ ہوں۔ بیشک وہ فرشتے جو آپ کے رب کے پاس ہیں

وَلَهُۥ يَسۡجُدُونَ ۩ ﴿٢٠٦﴾

				يَسۡجُدُونَ ۩ ﴿٢٠٦﴾	وَلَهُۥ
				وہ سجدہ کرتے ہیں	اور اسی کو
وہ اس کی عبادت سے تکبر نہیں کرتے اور وہ اس کی تسبیح کرتے ہیں اور اسی کو وہ سجدہ کرتے ہیں					

For updates, suggestions and/or comments please contact us on the following:

- Mohammad Abdur Rasheed
  - Mobile + Whatsapp: +1 (647) 462-7454
  - Email: mohammadrasheed97@gmail.com
- Jad Ul Haque
  - Mobile + Whatsapp: +966546606692
  - Telegram: @jadulhaque
  - Email: jadulhaque@gmail.com
- Azka Abdur Rasheed
  - Email: azka.a.rasheed@gmail.com

- For other documents (surahs and duas) please visit the following link: https://archive.org/details/@shehla_rani